آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

جلد نمبر 38 | بروز ہفتہ 02 مئی 2026ء بمطابق 14 ذوالقعدہ 1447ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 99

پاکستان اور عراق کے تعلقات مشترکہ اقدار اور باہمی احترام پر مبنی ہیں، صدر پاکستان

آصف علی زرداری کا عراق کے نامزد وزیراعظم سے ٹیلیفونک رابطہ، صدر کی عراقی حکومت کے سربراہ کے طور پر وزارت عظمیٰ کے اہم منصب پر نامزد ہونے پر مبارکباد

صدر مملکت نے نامزد وزیراعظم کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی اور ایک مستحکم حکومت کی تشکیل کیلئے دعا کی

سانیا (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری جو اس وقت چین کے صوبہ ہینان کے شہر سانیا کے سرکاری دورے پر ہیں، نے جمہوریہ عراق کے نامزد وزیراعظم علی فالح خدام الزیدی سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اور انہیں عراقی حکومت کے سربراہ کے طور پر وزارت عظمیٰ کے اہم منصب پر نامزد ہونے پر مبارکباد دی۔ جمعہ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے نامزد وزیراعظم کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی اور ایک مستحکم حکومت کی تشکیل کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ ان کا بطور وزیراعظم انتخاب بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

مخنت کش طبقہ کسی بھی معاشرے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، میر ضیاء اللہ لانگو

مزدوروں کی انتھک محنت اور قربانیاں ملکی معیشت کے استحکام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ و بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات میر ضیاء اللہ لانگو نے یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ محنت کش طبقہ کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے مزدوروں بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

لاہور/وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر مملکت اور چیئرمین پاکستان ورچوئل اسسٹنس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب ملاقات کر رہے ہیں

معرکہ حق میں پاکستان کی فتح تاقیامت یاد رکھی جائے گی، عطاء تارڑ

پاکستان دہشت گردی کا مقابلہ، بھارت فروغ دینے والے ممالک میں شامل، فیلڈ مارشل کی شاندار اسٹریٹجی کی بدولت بھارتی جہاز ملبے کا ڈھیر بن گئے، وفاقی وزیر اطلاعات

آج کی تقریب میں بچوں اور بچیوں کا جوش و جذبہ دیکھ کر خوشی ہوئی جو اپنے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے اور اپنی افواج پاکستان کی عظیم قربانیوں کو یاد کرنے اور آپریشن بنیان مرصوص کی فتح کا جشن منانے آئے ہیں

اللہ تعالیٰ نے جس طرح آپریشن بنیان مرصوص اور معرکہ حق میں ہمیں فتح عطا فرمائی، اسی طرح پاکستان کا مستقبل بھی محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں پاکستان کی جنگی، سفارتی اور بیانیہ کے محاذ پر فتح تاقیامت یاد رکھی جائے گی، معرکہ حق میں کامیابی سے پاکستان کا وقار بلند ہوا ہے، قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو یہاں لوک ورثہ میں وزارت اطلاعات و نشریات اور وزارت قومی ورثہ و ثقافت کے زیر اہتمام معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری اطلاعات و نشریات اشفاق احمد خلیل بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص سے منسوب تقریب میں شرکت میرے لئے باعث اعزاز بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاک فوج ملکی سرحدوں کے تحفظ اور دفاع کیلئے ہر لمحہ چوکس اور ہمہ وقت تیار

سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا یکم مئی 2025 کو ٹلہ فائرنگ رینج کا دورہ، آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) پاک فوج ملکی سرحدوں کے تحفظ اور دفاع کیلئے ہر لمحہ چوکس اور ہمہ وقت تیار ہے۔ تفصیلات کے مطابق سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یکم مئی 2025 کو ٹلہ فائرنگ رینج کا دورہ کر کے آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا، تربیتی مشقوں میں بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

8 کروڑ لیٹر ڈیزل کے ساتھ پاکستانی جہاز آبنائے ہرمز پار کر گیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی بحری جہاز آبنائے ہرمز اور امریکی ناکہ بندی پار کر گیا۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے ایک اور پاکستانی جہاز کو ہرمز سے گزرنے بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے محکمہ صحت میں چالیس ڈاکٹروں کے دوہری ملازمت کرنے کا انکشاف

محکمہ صحت کے چالیس ڈاکٹرز ایسے ہیں جو دوہری ملازمت کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ صحت میں چالیس ڈاکٹروں کے دوہری ملازمت کرنے کا انکشاف ہوا ہے، محکمہ صحت کے حکام نے ان ڈاکٹروں کو حتمی نوٹسز جاری کر دیئے۔ محکمہ صحت کی جانب سے جاری نوٹس میں بتایا گیا ہے کہ محکمہ صحت کے چالیس ڈاکٹرز ایسے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

پاکستان کے روشن مستقبل میں مزدور طبقے کا کردار نہایت اہم، باعث فخر ہے، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) یوم مزدور کے موقع پر وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ خان نے ملک بھر کے محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ جاری بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسحاق ڈار کی یورپی یونین کی خارجہ امور کی سربراہ سے ٹیلیفونک گفتگو

علاقائی صورتحال کے اقتصادی و وسیع تر اثرات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے یورپی یونین کی خارجہ امور کی سربراہ Kaja Kallas سے ٹیلیفونک گفتگو کی جس میں دونوں رہنماؤں نے ابھرتی ہوئی علاقائی صورتحال بشمول اس کے اقتصادی اور وسیع تر اثرات پر تبادلہ بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سانیا/چین/صدر مملکت آصف علی زرداری ہینان کے پارٹی سیکرٹری فینگ فی اور گورنر لیوشیاؤ منگ سے ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں/دوسری جانب پاکستان اور چین کے درمیان متعدد اقتصادی اور تجارتی معاہدوں پر دستخط کی تقریب میں متعلقہ حکام دستخط کر رہے ہیں

ایران کے خلاف فوجی آپریشن پہلے شروع کرنا چاہیے تھا، ٹرمپ

میں نے پاک بھارت جنگ سمیت 8 جنگیں رکوائیں، پاکستان کے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ میں نے 3 سے 5 کروڑ انسانوں کی جانیں بچائی ہیں

اسکی معیشت تباہ ہوتی جا رہی ہے، ایران جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتا، ایران کو فٹبال ورلڈ کپ میں شرکت کی اجازت دینی چاہیے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف فوجی آپریشن پہلے شروع کرنا چاہیے تھا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کی 90 فی صد میزائل فیکٹریاں تباہ کر دیں، ایران پر پابندیاں کامیاب ہیں اور ایران معاہدہ چاہتا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر وزیراعظم پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں نے پاک بھارت جنگ سمیت 8 جنگیں رکوائیں، پاکستان کے وزیراعظم بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کے معاملے پر اعلیٰ سطح کمیٹی تشکیل دے دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کے معاملے پر اعلیٰ سطح کمیٹی تشکیل دے دی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی کی سربراہی وزیر بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

پنجگور کے علاقے بونستان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے علاقے بونستان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق ایاز ولد ریاض کو نامعلوم افراد نے ٹانگ پر گولی ماری ہے جسے طبی امداد کے لیے ٹیچنگ اسپتال منتقل کیا گیا ہے پولیس اس سلسلے میں مزید تحقیق کر رہی ہے۔

پاکستان اور چین کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدے پر دستخط

پاکستان میں حیوانات کی صحت کیلئے ویکسینز، منہ کھر کی بیماری کی ویکسین کی فراہمی کیلئے مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے

سانیا (این این آئی) پاکستان اور چین کے اداروں کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدے پر دستخط کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں صدر پاکستان آصف علی زرداری نے شرکت کی، سید قاسم نوید قمر، چیف سیکرٹری سندھ علی حسن بروہی اور پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی بھی موجود تھے۔ دونوں ممالک کے درمیان تعمیراتی مشینری، صحت حیوانات اور میڈیکل ٹیکنالوجی سے متعلق معاہدوں پر دستخط کئے گئے، سہ فریقی تعاون سے سی پیک سے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزیر داخلہ محسن نقوی کا پاکستان سمیت دنیا بھر کے محنت کشوں کو سلام

سال کے اختتام تک ایف آئی اے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہمارا ہدف ہے، وفاقی وزیر داخلہ

محنت کش کے پسینے سے ہی ترقی کی داستانیں رقم ہوتی ہیں، وزیر داخلہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے محنت کشوں کے عالمی دن پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے محنت کشوں کو سلام پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ محنت کش کے پسینے سے ہی ترقی کی داستانیں رقم ہوتی ہیں، ملک کی ترقی میں محنت کشوں کا کردار ناقابل فراموش ہے، یہ دن ان ہاتھوں کی عظمت کا اعتراف ہے جو خاموشی بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

مذاکرات میں پاکستان باضابطہ ثالث رہے گا، ایران کی تصدیق

موجودہ حالات میں ایران مختلف ممالک کے ساتھ رابطے میں ہے اور اپنے مقف کی وضاحت کر رہا ہے

امریکہ کے ساتھ مذاکرات سے فوری نتائج کی توقع رکھنا غیر حقیقی ہے، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات میں پاکستان ہی ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں کئی ممالک مدد کے لیے تیار ہیں، تاہم مذاکرات میں باضابطہ ثالث کی حیثیت پاکستان کو حاصل ہے۔ اسماعیل بقائی کے مطابق اگر مذاکرات کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا تو اس حوالے سے باضابطہ طور پر آگاہ کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ایران اور روس کے درمیان اسٹریٹجک پارٹنرشپ معاہدہ موجود ہے، جس کے تحت دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، سیکیورٹی اور معاشی شعبوں میں وسیع تعاون جاری ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں ایران مختلف ممالک کے ساتھ رابطے میں ہے اور اپنے مقف کی وضاحت کر رہا ہے۔

قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی مزدوروں کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ٹریفک قوانین کو نصاب کا حصہ بننا چاہیے، سعید احمد خان

کوئٹہ (خ ن) ٹریفک قوانین کی آگاہی قیمتی جانوں کے ضیاع سے بچانے کا موجب بنتی ہے ٹریفک پولیس تعلیمی اداروں اور روڈز پر لوگوں کو ٹریفک قوانین کی آگاہی کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کر رہی ہے اور کوشش کی جائیگی کہ ہر شخص کو ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کا بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

جنوبی لبنان پر اسرائیل کے نئے حملوں میں چھ افراد جاں بحق

بیروت (این این آئی) لبنان میں وزارت صحت کی رپورٹ کے مطابق جنوبی لبنان پر نئے اسرائیلی حملے میں چھ افراد جاں بحق ہو گئے۔ اس سے ملک کے جنوب میں اسرائیلی حملوں کے متاثرین کی کم از کم تعداد 15 ہو گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت صحت نے کہا ہے کہ نبطیہ کے علاقے زبدین بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

یوم مزدور محنت کشوں کی قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے۔ سید صادق آغا

مزدوروں کے حقوق کا تحفظ ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صوبائی نائب صدر پی ٹی آئی

مزدور دوست پالیسیوں پر عملدرآمد یقینی اور بلوچستان کے محنت کشوں کو ریلیف دیا جائے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے یکم مئی یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن دنیا بھر کے محنت کشوں کی عظیم قربانیوں، جدوجہد اور حقوق کے حصول کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدور کسی بھی معاشرے کی ترقی اور معیشت کی مضبوطی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، اور ان کی فلاح و بہبود کے بغیر ترقی کا خواب ادھورا ہے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ بدقسمتی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

جماعت ہر فورم پر مدارس کے تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی، عبدالواسع

کسی بھی دباؤ یا مصلحت کو خاطر میں لائے بغیر اپنے اصولی مقف پر ڈٹ کر کھڑی رہے گی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی گروپ کا مشترکہ اور غیر معمولی اجلاس صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت ہے یو آئی کے صوبائی سیکرٹریٹ جناح کاون کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اراکین صوبائی مجلس عاملہ، سینیٹرز، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی اور دیگر ذمہ داران جماعت نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

خضدار کی تحصیل وڈھ میں دکان پر دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

خضدار (این این آئی) خضدار کی تحصیل وڈھ میں دکان پر دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے وڈھ میں ضمیر شاہیزئی کی دکان پر دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

سیاسی قیادت کی کمزوری ہے کہ مزدوروں کو صحیح راستہ نہیں دکھایا گیا، محمود خان اچکزئی

لاہور جیسے بڑے شہر میں مزدوروں کی تعداد کم ہے۔ یوم مئی پر ہزاروں مزدوروں کو سڑکوں پر نکل کر اپنے حقوق کی آواز اٹھانی چاہیے تھی

گورکی نے کبھی کسی باقاعدہ تعلیمی ادارے سے تعلیم حاصل نہیں کی بلکہ زندگی کے تجربات ان کی اصل یونیورسٹی تھے

کوئٹہ/لاہور (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی، مرکزی سینئر نائب صدر و اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ، جنرل سیکرٹری تحریک تحفظ آئین پاکستان اسد قیصر اور مرکزی ترجمان اخونزادہ حسین احمد یوسفزئی، عمار علی جان و دیگر رہنماؤں نے لاہور پریس کلب میں یوم مزدور کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ محمود خان اچکزئی نے حقوق خلق پارٹی کے زیر اہتمام یوم مئی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے مزدور بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں اور لاہور پریس کلب کے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

مزدوروں نے حکومتی مشینری کو رواں دواں رکھ کر مسائل کے حل کو یقینی بنایا ہے، میر کبیر احمد محمد شہی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی، صوبائی صدر اسلم بلوچ، بی ایس او پجار کے بوہر صالح بلوچ، گریسنڈ الائنس کے عبدالقدوس کاکڑ اور ملازمین تنظیموں کے عہدیداروں نے کہا ہے کہ مزدوروں نے حکومتی مشینری کو رواں دواں رکھ کر مسائل کے حل کو یقینی بنایا ہے کیونکہ مزدوری بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پاکستان جنوبی کوریا مشترکہ تجارتی کمیٹی کے قیام اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

وفاقی وزیر تجارت کی کورین ہم منصب کیساتھ ورچوئل ملاقات

دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات مزید مضبوط بنانے کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور کورین وزیر تجارت ییو بان سو کے درمیان ورچوئل ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور جنوبی کوریا کے درمیان سپلائی چین پر مشاورت شروع کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ کورین وزیر تجارت نے پاکستان کی قیادت کو خطے میں امن کے فروغ پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امریکا ایران تنازع میں پاکستان بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

کوئٹہ/جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ پارلیمانی اراکین کا مشترکہ اجلاس کی صدارت مولانا عبدالواسع کر رہے ہیں

مزدور کسی بھی معاشرے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ میر محمد بلال خان عمرانی

موجودہ دور میں بھی مزدوروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی و پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال خان عمرانی نے یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں محنت کش طبقے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزدور کسی بھی معاشرے کی ترقی بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی ہمیشہ مزدوروں کے حقوق کی علمبردار رہی ہے، حاجی علی مدد جتک

یکم مئی ہمیں محنت کشوں کی عظیم قربانیوں، جدوجہد، بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم کی تجدید کا درس دیتا ہے

بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں مزدور طبقے کا کردار ناقابل فراموش ہے، رہنماء پیپلز پارٹی و صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و پاکستان پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن حاجی میر علی مدد جتک نے یوم مئی (عالمی یوم مزدور) کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں محنت کش طبقے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزدور کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور استحکام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یکم مئی ہمیں محنت کشوں کی عظیم قربانیوں، جدوجہد اور ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم کی تجدید کا درس دیتا ہے۔ حاجی میر علی مدد جتک نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ مزدوروں کے حقوق کی علمبردار رہی ہے اور شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے محنت کش طبقے کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے تاریخی اقدامات کیے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت بھی بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کھیتوں سے تعمیراتی مقامات تک محنت کش، قوم کی خوشحالی کی بنیاد ہیں، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے انسانی ترقی کے ضامن محنت کشوں کو زبردست بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

برشور کا ضلع بننا ایک خواب کی تعبیر ہے، اسفند کاکڑ

صوبائی حکومت کی انتظامی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے

برشور (خ ن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اربن پلاننگ و چیئرمین کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اسفند یار خان کاکڑ نے کہا ہے کہ برشور کا ضلع بننا ایک خواب کی تعبیر ہے اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے عوام دوست اقدامات سے صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے، جبکہ تحصیل برشور کو ضلع کا درجہ دینا صوبائی حکومت کی انتظامی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، تاہم ضلع پشین سے الگ کر کے اسے ایک آزاد انتظامی اکائی بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

منصفانہ اجرت اور محفوظ ماحول محنت کشوں کا آئینی حق ہے، چیف جسٹس آف پاکستان

ایک منصفانہ اور انسانی لیبر نظام ہی آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کو مضبوط بناتا ہے

ہر مزدور کو حقیقی ریلیف دینے کیلئے آئین میں دی گئی ضمانتوں کو عملی شکل دینا ناگزیر ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ منصفانہ اجرت، محفوظ اور انسانی کام کے حالات اور سماجی انصاف محنت کشوں کے آئینی حقوق ہیں جنہیں ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے۔ سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق اپنے خصوصی پیغام میں چیف جسٹس نے کہا کہ یوم مزدور ہمیں نہ صرف محنت کشوں کی خدمات کو سراہنے کا موقع دیتا ہے بلکہ یہ بھی یاد دلاتا بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

اسلام نے محنت، دیانت اور مزدور کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی زور دیا ہے، محمد خان لہڑی

یکم مئی مزدور ڈے محنت کش طبقے کی عظمت قربانیوں اور قومی ترقی میں ان کے لازوال کردار کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے

نصیر آباد (خ ن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز و رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ یکم مئی مزدور ڈے محنت کش طبقے کی عظمت قربانیوں اور قومی ترقی میں ان کے لازوال کردار کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے مضبوط مزدور ہی مضبوط پاکستان کی بنیاد ہے کیونکہ کسی بھی قوم کی ترقی خوشحالی اور استحکام میں مزدور طبقہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے وطن عزیز کی معاشی ترقی کا پہیہ انہی کے دم سے رواں دواں ہے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ اسلام بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی قیادت میں حکومت مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت مزدوروں کے حقوق کے تحفظ، محفوظ اور صحت مند کام کے ماحول کی فراہمی اور تمام شعبوں میں منصفانہ اجرتوں بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اسلام آباد/نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے رکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی ملاقات کر رہے ہیں

موجودہ حکومت مزدوروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ ہے، سردار بابا غلام رسول عمرانی

صنعتکاروں اور کاروباری حضرات پر زور دیا کہ وہ مزدوروں کے ساتھ انصاف کریں

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت عمرانی قبیلے کے سربراہ سردار بابا غلام رسول عمرانی نے یکم مئی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ مزدور کسی بھی ملک اور معاشرے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی محنت لگن اور بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

بندرگاہی مزدوروں کی فلاح و تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیر بحری امور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ بندرگاہی مزدوروں کی فلاح و تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، مزدور بندرگاہی بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ظلم کیخلاف آواز اٹھانا باشعور انسان کی ذمہ داری ہے، عبدالمالک بلوچ

آج سے تقریباً 140 سال قبل مزدوروں نے اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کا آغاز کیا تھا، جو آج بھی جاری ہے، جان محمد بلیدی

محنت کش طبقے اور لیبر یونینوں سے احتجاج کا حق چھینا جا رہا ہے، یوم مزدور کے موقع پر ایک پروقار تقریب سے خطاب

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی کیچ کے زیر اہتمام یکم مئی یوم مزدور کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی نیشنل پارٹی کے قائد اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور سینیٹر جان محمد بلیدی تھے، جبکہ صدارت ضلعی صدر یونس جاوید نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ضلعی جنرل سیکرٹری سرتاج بگٹی نے انجام دیئے۔ نیشنل پارٹی کے قائد سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ یوم مزدور منانے کا اصل مقصد ظلم، ناانصافی اور استحصال کے خلاف آواز بلند کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں دو بڑے انقلابات، بالشویک انقلاب اور چینی انقلاب، مزدور طبقے کی جدوجہد کے نتیجے میں برپا ہوئے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

خاران/صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

ملک کو ایل این جی گیس موصول ہو چکی، بجلی کی لوڈ مینجمنٹ کا خاتمہ کر دیا گیا ہے، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ ملک کو گزشتہ روز ایل این جی گیس موصول ہو چکی ہے جس کے بعد بجلی کی لوڈ مینجمنٹ کا خاتمہ کر دیا گیا ہے، حالیہ لوڈ شیڈنگ کی بنیادی وجہ سسٹم کی خرابی نہیں بلکہ گیس کی کمی تھی۔ جاری بیان میں انہوں نے بتایا کہ 13 اور 14 اپریل کو پانچ، پانچ گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کرنا پڑی۔

جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، میر شعیب نوشیروانی

خاران کی ترقی میری اولین ترجیح ہے، خاران ٹاؤن کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دیا جائے گا

علاقے میں امن و امان کی فضا برقرار رکھنے سے روزگار معاشی خوشحالی کے مواقع پیدا ہوتے ہیں، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی کی صدارت میں جمعہ کو خاران ٹاؤن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو، کمانڈنٹ خاران رائفل کرنل بلال شوکت اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران، ضلعی انتظامیہ کے سربراہان، علاقائی معتبرین، بلدیاتی نمائندگان اور آل پارٹیز کے قائدین نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر شرکاء نے خاران میں امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی۔ صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ خاران کی ترقی میری اولین ترجیح روز اول سے رہا ہے علاقے میں امن و امان کی فضا برقرار رکھنے سے روزگار معاشی خوشحالی کے مواقع پیدا ہوتے ہیں انہوں نے ضلعی انتظامیہ بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

مئی محنت کش مزدور طبقے کی ناقابل فراموش قربانیوں کا تاریخی دن ہے، نوابزادہ میر ظفر زہری

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

02 مئی 2026ء

صدر مملکت کا دورہ چین، دونوں ممالک کے اداروں کے درمیان معاہدے پر دستخط

گزشتہ روز صدر مملکت کا دورہ چین کے موقعہ پر پاکستان اور چین کے اداروں کے درمیان دو مفاہمتی یادداشتوں اور ایک معاہدے پر دستخط کی تقریب چین کے شہر سانیا میں منعقد ہوئی، جس میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے شرکت کی جہاں پاکستان اور چین کے درمیان 75 سالہ دوستی پر مبنی ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ صدر زرداری کے دورۂ چین کے دوران ہُونان اور ہائی نان میں صنعتی، زرعی اور بحری معیشت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان تعمیراتی مشینری، حیوانات کی صحت اور میڈیکل ٹیکنالوجی سے متعلق مختلف معاہدوں پر دستخط کیے گئے، الحسن ٹریڈ اسٹیبلشمنٹ، سینی انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ اور بینان جیالونگ انٹرنیشنل ٹیکنالوجی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے، جس کے تحت سہ فریقی تعاون کے ذریعے سی پیک سے متعلق تعمیراتی مشینری اور آلات کی فراہمی کو فروغ ملے گا اور پاکستان میں فیکٹریوں کے قیام کے لیے سرمایہ کاری کے مواقع کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ مذکورہ مفاہمتی یادداشت پر سینیٹر سلیم مانڈوی والا، نائب صدر سینی گروپ لی چن اور چیئرمین ہاؤ جیالونگ نے دستخط کیے۔ مزید برآں پاکستان میں حیوانات کی صحت کے لیے ویکسینز، خصوصاً منہ کھر کی بیماری کی ویکسین کی فراہمی کے لیے ایک مشترکہ منصوبے کا معاہدہ بھی طے پایا، جس میں جانوروں کے لیے ٹریک اور ٹریس اینیمل سسٹمز کے نفاذ پر مستقبل کے تعاون کی شق بھی شامل ہے۔ اس معاہدے پر سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن اور لوئیانگ ماڈرن بایولوجی گروپ کے چیئرمین وانگ شانپو نے دستخط کیے۔ علاوہ ازیں ڈاکٹر ضیاالدین اسپتال اور شینزن وی بانگ ٹیکنالوجی کے درمیان میڈیکل ٹیکنالوجی کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد کلینیکل میڈیسن میں طبی ذہین روبوٹس کے جدید استعمال کو فروغ دینا ہے۔ اس مفاہمتی یادداشت پر ڈاکٹر ضیاالدین اسپتال کے ڈاکٹر انوپ کمار دادانی اور شینزن وی بانگ ٹیکنالوجی کے ڈپٹی جنرل منیجر مسٹر ڈینگ ہائی تاؤ نے دستخط کیے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری پانچ روزہ سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد چین کے شہر سانیا سے پاکستان روانہ ہو گئے۔ صدر مملکت کو سانیا ایئرپورٹ پر کمیونسٹ پارٹی آف چائنا ہائی نان کے سینئر رہنما وانگ چیانگ نے الوداع کیا۔

یومِ مزدور۔ اور کربناک سچ

آواگون

عامر نواز خان نیازی

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی یومِ مزدور ہر سال بڑے جوش و خروش سے منایا جاتا ہے۔ سرکاری تعطیل، جلسے، ریلیاں اور تقاریر اس دن کا معمول بن چکے ہیں۔ مگر اس دن کی اصل روح اور اس کی تاریخی اہمیت کو سمجھنے کے لیے ہمیں ماضی کی طرف جانا پڑے گا، جہاں مزدوروں نے اپنے حقوق کے لیے اپنی جانوں کی قربانی دی۔

1886 میں شکاگو کے مزدوروں نے روزانہ 8 گھنٹے کام کا مطالبہ کیا۔

اس وقت ان سے 12 سے 16 گھنٹے تک مسلسل مشقت لی جاتی تھی۔ یہ ایک ظالمانہ نظام تھا جس میں مزدور کی زندگی کی کوئی وقعت نہیں تھی۔ جب مزدور اپنے حق کے لیے سڑکوں پر نکلے تو احتجاج کے دوران ایک بم دھماکہ ہوا، جس کے بعد پولیس اور مظاہرین کے درمیان شدید تصادم ہوا۔ اس واقعے میں کئی مزدور جان سے گئے اور متعدد رہنماؤں کو سزائیں دی گئیں۔ مگر ان کی یہ قربانی رائیگاں نہ گئی۔ یہی واقعہ بعد میں مزدوروں کی عالمی جدوجہد کی علامت بنا اور یکم مئی کو دنیا بھر میں یومِ مزدور کے طور پر منایا جانے لگا۔

یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ مزدور کے حقوق کسی نے پلیٹ میں رکھ کر نہیں دیے بلکہ یہ خون، پسینے اور قربانیوں کے نتیجے میں حاصل ہوئے۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ آج بھی کئی ممالک، خصوصاً پاکستان میں، مزدور وہی مسائل جھیل رہا ہے جن کے خلاف اگر واقعی اس دن کو بامقصد بنانا ہے تو اس کا طریقہ بدلنا ہوگا۔ یومِ مزدور کے دن مزدور کو گھر پر بٹھایا جائے، اسے حقیقی چھٹی دی جائے، اور اس کی دہلیز پر راشن پہنچایا جائے۔ اس کی ایک دن کی مزدوری بغیر کام کے اس تک پہنچائی جائے تاکہ وہ بھی اس دن کو عزت اور سکون کے ساتھ گزار سکے۔

اس کے برعکس، جو لوگ مزدوروں سے کام لیتے ہیں بی فیکٹری مالکان، بیوروکریسی، سیاستدان بی انہیں اس دن خود مزدوری کرنی چاہیے۔ انہیں خود دھوپ میں کھڑے ہو کر، پسینہ بہا کر، سخت محنت کرنی چاہیے تاکہ انہیں احساس ہو کہ مزدور کس قدر مشکل حالات میں کام کرتا ہے۔ جب تک وہ خود اس مشقت کو محسوس نہیں کریں گے، تب تک وہ مزدور کے درد کو نہیں سمجھ سکتے۔

یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ مزدور سارا دن ہزاروں روپے کا کام کرتا ہے، مگر اس کے حصے میں صرف چند سو روپے آتے ہیں۔ باقی منافع کسی اور کی جیب میں چلا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا استحصالی نظام ہے جس میں مزدور صرف ایک ذریعہ بن کر رہ گیا ہے۔

جب کسی مزدور کے ساتھ حادثہ ہوتا ہے، جب وہ اپنی جان گنوا بیٹھتا ہے، تب کچھ دن کے لیے شور مچتا ہے، ہمدردی ظاہر کی جاتی ہے، مگر پھر سب کچھ خاموش ہو جاتا ہے۔ اس کے اہلِ خانہ تنہا رہ جاتے ہیں، اور ان کے مسائل کا کوئی حل نہیں نکالا جاتا۔

اگر ہم واقعی ایک زندہ قوم ہیں تو ہمیں اپنے رویے بدلنے ہوں گے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ مزدور اس معاشرے کی بنیاد ہے۔ اگر وہ مضبوط نہیں ہوگا تو کوئی ترقی ممکن نہیں۔

یومِ مزدور صرف ایک دن نہیں، بلکہ ایک پیغام ہے بی ایک یاددہانی ہے کہ مزدور کے بغیر کوئی نظام مکمل نہیں۔ جب تک ہم اس پیغام کو سنجیدگی سے نہیں لیں گے، تب تک یہ دن محض ایک رسم ہی رہے گا، اور مزدور اسی طرح اپنے حق کے لیے ترستا رہے گا۔

*****

قربانی کا جانور: عقیدت، احتیاط اور بیوپاریوں کی فنکاری

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

عیدِ قربان کی آمد میں اب ایک ماہ سے بھی کم عرصہ باقی ہے۔ گلی کوچوں میں قربانی کے جانوروں کی آمد اور منڈیوں کی گہما گہمی کا آغاز ہو چکا ہے۔ آئندہ چند روز میں آپ کو ہر طرف جانور ہی جانور نظر آئیں گے۔ قربانی محض ایک مذہبی فریضہ نہیں بلکہ سنتِ ابراہیمی کی وہ یادگار ہے جسے ہر صاحبِ استطاعت مسلمان بڑے ذوق و شوق سے ادا کرتا ہے۔

اس عبادت کا اصل جوہر "گوشت خوری" نہیں بلکہ "تقویٰ" ہے، اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ لوگ اپنی حیثیت سے بڑھ کر خوبصورت اور تندرست جانور کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں۔

▯ لیکن یاد رکھیے! جہاں یہ ایام اللہ کی رضا کے حصول کا ذریعہ ہیں، وہیں کچھ بددیانت عناصر کے لیے یہ "سیزن" دولت سمیٹنے کا موقع بن جاتا ہے۔ عقیدت جب سادگی کے ساتھ ملتی ہے تو اکثر بیوپاریوں کے دھوکے کا شکار ہو جاتی ہے۔ قربانی کا جانور خریدتے وقت جہاں آپ کا دل مطمئن ہونا چاہیے، وہاں آپ کی آنکھ کا بصیر بھی بیدار ہونا ضروری ہے۔

▯ محکمہ لائیو سٹاک پنجاب کے اصولوں کے مطابق قربانی کا جانور خریدتے وقت سب سے پہلے اس کی عمر اور صحت پر توجہ دیں۔ گائے یا بیل کے لیے کم از کم عمر 2 سال اور بکری یا دنبے کے لیے 1 سال ہونا ضروری ہے۔ عمر کی پہچان کا سب سے معتبر طریقہ دانت ہیں۔ جانور کے سامنے والے دو مستقل دانت نکلے ہوئے ہونے چاہئیں۔ آج کل بیوپاری کم عمر جانوروں کو قربانی کا اہل دکھانے کے لیے مصنوعی دانت بھی لگا دیتے ہیں اس لیے دانتوں کو ہلا کر اور بغور دیکھ کر تسلی کر لیں۔ جہاں تک جانور کے جسمانی خدوخال کا تعلق ہے تو جانور نہ بہت دبلا ہو اور نہ ہی ایسا غیر فطری موٹا کہ چلنے سے قاصر ہو۔ اس کی جلد چمکدار ہو، آنکھیں روشن اور صاف ہوں اور ناک سے پانی یا جھاگ نہ نکل رہا ہو۔

▯ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں "مقدس کاموں" میں بھی ملاوٹ آ چکی ہے۔ بیوپاری حضرات جانور کو پرکشش بنانے کے لیے اس پر پینٹ کر دیتے ہیں یا مصنوعی سینگ لگا دیتے ہیں۔ بعض اوقات جانور کو نمک والا پانی پلایا جاتا ہے تاکہ وہ زیادہ وزنی اور پھولا ہوا نظر آئے۔ اگر آپ اناڑی ہیں تو تنہا منڈی جانے کی غلطی ہرگز نہ کریں بلکہ کسی ایسے سمجھدار دوست یا بزرگ کو ساتھ لے جائیں جو بیوپاریوں کی ان "فنکاریوں" سے واقف ہو۔

▯ جدید دور میں فیس بک اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جانوروں کی تصاویر لگا کر لوگوں کو راغب کیا جاتا ہے۔ سستے جانور کا لالچ دے کر معصوم خریداروں کو نامعلوم مقامات پر بلایا جاتا ہے، جہاں اکثر افراد برائے تاوان اور لوٹ مار کی وارداتیں رپورٹ ہوئی ہیں۔ یاد رکھیے! قربانی کا جانور دیکھ بھال کر اور خود جا کر خریدنے کی چیز ہے۔ سوشل میڈیا کے "کلو کے حساب سے سستا جانور" کے اشتہارات اکثر ایک بڑے جال کا حصہ ہوتے ہیں۔ جانور خریدنے کے لیے کسی دور دراز اور نامعلوم جگہ کا سفر اختیار مت کریں۔

▯ جانور خریدنے کے بعد آپ کی ذمہ داری ختم نہیں ہوتی۔ جانور کو متوازن غذا دیں، کوڑا کرکٹ یا پلاسٹک کی تھیلیاں ہرگز نہ کھانے دیں۔ اس بات کی تسلی کر لیں کہ جانور ویکسین شدہ ہو، خاص طور پر "گل گھوٹو" اور "منہ کھر" جیسی بیماریوں سے بچاؤ کی تدابیر مکمل ہوں۔ خریداری کے بعد منڈی سے گھر لانے کے لیے جانور کو ٹرانسپورٹ کرتے وقت اسے تکلیف نہ دیں اور گھر لانے کے بعد اسے سایہ دار جگہ اور صاف پانی فراہم کریں۔

▯ قربانی ایک ایثار کا نام ہے، لیکن اس ایثار میں عقل و فہم کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ مستند مویشی منڈیوں یا قابلِ اعتماد فارمز کا انتخاب کریں۔ آپ چاہے ملک کے کسی بھی حصے میں ہوں اگر جانور کے معاملے میں کوئی شک ہو تو حکومتِ پنجاب کی ہیلپ لائن 9211-08000 پر رابطہ کر کے مفت مشورہ لیا جا سکتا ہے۔ یاد رکھیے! آپ کا ایک محتاط فیصلہ نہ صرف آپ کو مالی نقصان سے بچائے گا بلکہ آپ کی قربانی کو سنت کے عین مطابق تندرست اور عیب سے پاک جانور کی صورت میں یقینی بنائے گا۔

****

یومِ مئی: پسینہ بہانے والوں کی عظمت کا نشان

تحریر: حسنین اقبال لاہی

آج یکم مئی ہے، وہ دن جو دنیا بھر کے ان ہاتھوں کے نام ہے جو پتھروں کو تراش کر شاہکار بناتے ہیں اور بنجر زمینوں کا سینہ چاک کر کے اناج اگاتے ہیں۔

یہ دن محض ایک روایتی تعطیل یا جلسوں کا نام نہیں، بلکہ یہ اس عہد کی تجدید ہے جو 1886 میں شکاگو کے مزدوروں نے اپنے خون سے لکھا تھا، تاریخ گواہ ہے کہ تہذیبوں کی تعمیر ہو یا جدید شہروں کی بلند و بالا عمارتیں، ان کے پیچھے کسی بادشاہ کا نام تو ہو سکتا ہے، لیکن ان کی بنیادوں میں چھپا خون اور پسینہ صرف ایک محنت کش کا ہوتا ہے۔

وہ مزدور جو تپتی دوپہروں میں سڑکیں بناتا ہے، وہ کسان جو ٹھٹھرتی سردیوں میں کھیتوں کو پانی دیتا ہے، اور وہ ورکر جو مشینوں کے شور میں ملک کی معیشت کا پہیہ گھماتا ہے، دراصل یہی وہ گمنام سپاہی ہیں جن کے دم سے دنیا میں رونق اور زندگی قائم ہے، دینِ اسلام نے چودہ سو سال پہلے ہی محنت کی عظمت کا وہ درس دیا جس کی مثال نہیں ملتی۔ جب نبی کریم ﷺ نے محنت کش کو "اللہ کا دوست" قرار دیا اور حکم دیا کہ "مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ سوکھنے سے پہلے ادا کرو"، تو درحقیقت انسانی حقوق کا وہ چارٹر پیش کر دیا گیا تھا جس پر عمل کر کے ہی ایک منصفانہ معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے، آج کے اس مہنگائی زدہ دور میں مزدور طبقہ جن مشکل حالات سے گزر رہا ہے، وہ ہم سب کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ جن کے دم سے دنیا میں رونق اور زندگی قائم ہے، دینِ اسلام نے چودہ سو سال پہلے ہی محنت کی عظمت کا وہ درس دیا جس کی مثال نہیں ملتی۔ جب نبی کریم ﷺ نے محنت کش کو "اللہ کا دوست" قرار دیا اور حکم دیا کہ "مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ سوکھنے سے پہلے ادا کرو"، تو درحقیقت انسانی حقوق کا وہ چارٹر پیش کر دیا گیا تھا جس پر عمل کر کے ہی ایک منصفانہ معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے، آج کے اس مہنگائی زدہ دور میں مزدور طبقہ جن مشکل حالات سے گزر رہا ہے، وہ ہم سب کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔

اب وقت آ گیا ہے کہ معاشرے کا ہر طبقہ، بالخصوص حکمران اور صاحبِ ثروت لوگ، ان محنت کشوں کی قدر کریں اور انہیں وہ وقار دیں جس کے وہ مستحق ہیں، آیئے آج کے دن ہم عہد کریں کہ ہم نہ صرف مزدور کی محنت کا احترام کریں گے، بلکہ اسے سماج میں وہ اعلیٰ مقام دلانے کی جدوجہد کریں گے جہاں اس کا استحصال ختم ہو اور اسے اپنے حق کے لیے کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے۔ کیونکہ سچی ترقی وہ نہیں جہاں صرف بلند و بالا عمارتیں ہوں، بلکہ سچی ترقی وہ ہے جہاں مزدور خوشحال اور اس کا مستقبل محفوظ ہو:

سلام اے محنت کش! تیری ہمت کو سلام

****

بیانیہ، راز اور عالمی کھیل

بیسویں اور اکیسویں صدی کی سیاسی تاریخ ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ طاقت کبھی بھی محض قوتِ فیصلہ کا نام نہیں رہی؛ بلکہ وہ اکثر اثر و رسوخ، پوشیدہ مفادات کا ایک پیچیدہ جال ہوتی ہے۔ بعض اوقات ایسے واقعات سامنے آتے ہیں جن میں بڑے پیمانے پر دستاویزات، تصاویر یا شواہد کے دعوے کیے جاتے ہیں، ایسے دعوے جو بظاہر کسی فرد کی ذاتی زندگی سے کہیں بڑھ کر ایک وسیع تر نظام کی بحران کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ لیکن یہاں احتیاط لازم ہے ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی، اور ہر سایہ حقیقت کا عکس نہیں ہوتا۔

یہ سوال کہ کوئی شخص اپنے مبینہ جرائم کا اتنا وسیع ریکارڈ کیوں رکھے گا، بظاہر حیران کن ہے۔ مگر تاریخ ہمیں یہ بھی بتاتی ہے کہ بعض اوقات طاقت کا کھیل صرف دولت یا عہدے سے نہیں کھیلا جاتا، بلکہ معلومات اور راز اس کھیل کی اصل کرنسی ہوتے ہیں جیسا کہ ایک قدیم مقولہ ہے رازدہ تلوار ہے جس کا دستہ دکھائی نہیں دیتا، مگر وار گہرا ہوتا ہے۔

اسی تناظر میں بعض مبصرین یہ مفروضہ پیش کرتے ہیں کہ طاقتور حلقوں کے مابین تعلقات محض رسمی یا سفارتی نہیں ہوتے، بلکہ ان میں ذاتی کمزوریاں، باہمی مفادات اور بعض اوقات دباؤ کے عناصر بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ تاہم، ایک سنجیدہ تحقیقی ذہن کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ قیاس اور ثبوت کے درمیان حد فاصل کو برقرار رکھے۔ اقوامِ متحدہ یا دیگر اداروں کی رپورٹس بھی اسی وقت معتبر ہوتی ہیں جب وہ آزادانہ تحقیق، شفاف طریقہ کار اور قابلِ تصدیق شواہد پر مبنی ہوں جہاں تک عالمی قیادت کے بعض فیصلوں کا تعلق ہے جو بظاہر عوامی مفاد کے خلاف محسوس ہوتے ہیں تو یہ انسانی تاریخ کا ایک پرانا المیہ ہے۔ جنگوں، پابندیوں، اور پالیسیوں کے پیچھے کارفرما عوامل اکثر کثیرالجہتی ہوتے ہیں۔ معاشی مفادات، جغرافیائی سیاست، داخلی دباؤ، اور نظریاتی وابستگیاں یہ سب مل کر وہ تصویر بناتے ہیں جو بظاہر سادہ نظر آتی ہے مگر حقیقت میں نہایت پیچیدہ ہوتی ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے دریا کی گہرائی کا اندازہ کنارے سے نہیں ہوتا۔

یہ ہمارے عہد کا المیہ بھی ہے اور امتیاز بھی کہ ہم ایک ایسی دنیا میں سانس لے رہے ہیں جہاں معلومات کا سیلاب ہے مگر یقین کی زمین بنجر ہوتی جا رہی ہے۔ تاریخ کے اوراق جب بھی کھلتے ہیں، تو ان میں انسانی عظمت کے ساتھ ساتھ انسانی کمزوری کی داستانیں بھی ثبت ہوتی ہیں۔ اقتدار کے ایوان جو بظاہر شیشے کے محل معلوم ہوتے ہیں، اکثر اندر سے ایسے اسرار و رموز سے بھرے ہوتے ہیں جنہیں دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سوال جنم لیتا ہے کیا اقتدار خود ایک امتحان ہے، یا ایک فریب؟

ہر روز کوئی نہ کوئی روایت، کوئی دستاویز، یا کوئی ویڈیو سامنے آتی ہے جو بظاہر اقتدار کے ایوانوں کے پردے چاک کرتی ہے مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہر داستان اور انکشاف روشنی ہے، یا کبھی کبھی وہ خود ایک نیا سایہ بھی پیدا کرتی ہے؟ یہ محض ایک داستان نہیں؛ یہ ہمارے عہد کا آئینہ ہے، ایک ایسا آئینہ جس میں چہرے بھی نظر آتے ہیں اور نقاب بھی۔ سوال یہ نہیں کہ ہم کیا دیکھ رہے ہیں؛ سوال یہ ہے کہ ہم کیا ماننے کو تیار ہیں؟

کبھی کبھار ایسے دعوے سامنے آتے ہیں جن میں کہا جاتا ہے جیفری ایپسٹین فائلز کسی خفیہ حقیقت کا ثبوت ہیں۔ بادی النظر میں ذہن پر ایک ہیبت طاری ہوتی ہے گویا سچائی کا پہاڑ ہمارے سامنے کھڑا ہو۔ یہ مقدار و دیک دلیل معلوم ہوتی ہے گویا حجم ہی صداقت کا مترادف ہو۔ اگر یہ دعویٰ درست ہے، کیا کثرتِ مواد، صداقت کی ضمانت ہے یا محض تاثر کی شدت؟

بعض اوقات بیانیے کی مہارت، ثبوت کی کثرت، صداقت کی ضمانت کی تحقیق بھی لازم ہے۔ یہاں سوال یہ نہیں کہ مواد کتنا ہے، بلکہ یہ ہے کہ اس کی تصدیق کیسے ہوئی، اس کا ماخذ کیا ہے، اور اس کی تشریح کس زاویے سے کی جا رہی ہے۔ کیا یہ مواد آزادانہ طور پر تصدیق شدہ ہے؟ کیا اس کے ماخذ شفاف ہیں؟ اور کیا اس کی تعبیر غیر جانبدار ہے؟ جہاں ثبوت کا شور زیادہ ہو، وہاں سوال کی آواز اور بلند ہونی چاہیے۔

یہ دعوے کہ دنیا کے بااثر حلقوں میں اخلاقی انحطاط اپنی انتہا کو پہنچ چکا ہے، یقیناً چونکا دینے والے اور انسانیت کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کیلئے کافی ہیں۔ ایسے بیانیوں میں اکثر اخلاقی انحطاط، طاقت کے ناجائز استعمال، اور انسانی حقوق کی پامالی کے واقعات بیان کیے جاتے ہیں۔ یہ موضوعات بذاتِ خود نہایت سنجیدہ ہیں، اور دنیا کی تاریخ ان سے خالی نہیں۔ مگر ایک مہذب، ذمہ دار تجزیہ کار کیلئے ضروری ہے کہ وہ ثابت شدہ حقائق اور مبینہ دعووں کے درمیان واضح فرق قائم رکھے، تاکہ قاری جذباتی ہیجان کا شکار ہونے کی بجائے فکری توازن برقرار رکھ سکے اور وہ دعوے کو اس کے ماخذ، تحقیقاتی معیار، اور تصدیقی حیثیت کے ساتھ پرکھے ورنہ آگ کا دھواں حقیقت اور افسانے کو ایک ہی رنگ میں رنگ دیتا ہے۔

لیکن یہاں ہمیں ایک نازک فرق کو سمجھنا ہوگا۔ انفرادی جرائم اور اجتماعی سازشیں دو الگ دائرے ہیں۔ اگر تاریخ میں ظلم ہوا ہے، تو انصاف بھی ہوا ہے؛ اگر اندھیرے ہیں، تو روشنی کے چراغ بھی بجھے نہیں۔ مگر ایک بیانیہ جو ہر واقعے کو ایک ہی عظیم سازش کے دھاگے میں پرونا چاہتا ہے، وہ اکثر پیچیدہ حقیقت کو سادہ کہانی میں بدل دیتا ہے۔

کیا جیفری ایپسٹین کی تین ملین دستاویزات جس میں 2 ہزار سے زائد ویڈیوز، ایک لاکھ 80 ہزار سے زائد تصاویر کے پیچھے کوئی ناقابلِ فہم داستان چھپی ہوئی ہے؟ آخر کوئی کیوں اپنے اس قدر ہولناک جرائم کا اتنا مکمل اور مستقل ریکارڈ بنائے گا؟ اس کا جواب ہمیں جواب دیتا ہے، یہ صرف ایک آدمی کی بدحالی کا ریکارڈ نہیں تھا، یہ عالمی اشرافیہ کی کرپشن کا کیٹلاگ تھا، فائلوں میں ارب پتیوں، غیر ملکی معززین، شہزادیوں، ماہرین تعلیم، اعلیٰ سفارت کاروں اور جی ہاں، امریکا کے سابق اور موجودہ صدر کے نام بھی موجود ہیں۔

ہم نے فحش ای میلز، جنسی طور پر واضح خطوط، مجرمانہ تصاویر دیکھی ہیں لیکن یہ سمجھوتہ کرنے والے مواد سے کہیں آگے ہے، ایپسٹین پر اقوامِ متحدہ کی ایک رپورٹ میں جنسی غلامی، تشدد اور قتل سمیت بچوں کے خلاف جرائم کے ثبوت بھی موجود ہیں۔ یہ تصور کہ طاقتور افراد ایک دوسرے پر راز کے ذریعے اثر انداز ہوتے ہیں، نیا نہیں۔ سرد جنگ کے دور سے لے کر جدید سفارت کاری تک، معلومات ہمیشہ ایک طاقت رہی ہے۔

تو ہم مرکزی سوال کی طرف لوٹتے ہیں کہ سب کیوں ریکارڈ کیا گیا؟ جیفری ایپسٹین کے چھوٹے جزیرے سینٹ جیمز پر چھپے ہوئے کیمرے ذاتی تسکین کیلئے نہیں تھے، وہ ایک ٹول تھے۔ ایپسٹین فائدہ اٹھانے کی ایک لائبریری بنا رہا تھا، اب یہ بڑے پیمانے پر بتایا گیا ہے کہ وہ ایک انٹیلی جنس اثاثہ تھا، اسرائیل کے موساد سے آرڈر لے رہا تھا۔ مقصد واضح تھا کہ زمین کے طاقتور ترین لوگوں کو جرائم کے جال میں پھنسایا جائے، جس کا مقصد ان سب کو ایک غیر ملکی قوم صیہونی اسرائیل کی مرضی کے مطابق جھکانا ہے۔

یہ انکشاف کہ خفیہ کیمرے اور ریکارڈنگ کسی وسیع تر دباؤ یا اثر و رسوخ کے نظام کا حصہ تھے، ایک ایسا خیال ہے جو جدید سیاسی تجزیے میں بارہا ابھرتا ہے۔ تاریخ میں بھی ہمیں ایسے اشارے ملتے ہیں جہاں معلومات کو طاقت کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ یہ تصور کہ راز، اقتدار کا خاموش سکہ ہیں، کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ سیاست کے ایوانوں میں جہاں مسکراہٹیں سفارت ہوتی ہیں وہیں پس پردہ معلومات کا تبادلہ ایک غیر مرئی قوت کے طور پر موجود رہتا ہے۔ طاقتور افراد ایک دوسرے پر راز کے ذریعے اثر انداز ہوتے ہیں، یہ حربہ نیا نہیں۔ سرد جنگ کے دور سے لے کر جدید سفارت کاری تک، معلومات ہمیشہ ایک طاقت رہی ہے۔

مگر یہاں ایک اہم سوال اٹھتا ہے، کیا ہر راز، غلامی کا سبب بنتا ہے؟ یا بعض اوقات یہ محض انسانی کمزوری کا عکس ہوتا ہے، نہ کہ کسی منظم عالمی جال کا ثبوت؟

جیسا کہ کہا جاتا ہے، ہر سرگوشی سازش نہیں ہوتی، اور ہر سایہ دیوار نہیں ہوتا جیسا کہ "جنگ کی ہنگامہ خیزی میں سچ اس قدر نایاب اور قیمتی ہو جاتا ہے کہ اس کی نگہبانی کیلئے جھوٹ کے محافظ کھڑے کرنے پڑتے ہیں، سچ بہت قیمتی ہوتا ہے مگر یہ ہمیشہ وضاحت کا محتاج رہتا ہے"۔ حقیقت اور بیانیہ اکثر ایک دوسرے میں گڈمڈ ہو جاتے ہیں۔

آج کے اس پرفتن دور میں ہر باضمیر اور امن پسند انسان پوچھ رہا ہے کہ کیا آپ نے کبھی کسی عالمی رہنما کو اپنے ہی لوگوں کے مفاد کے خلاف اتنا حیران کن، اتنا ظالمانہ فیصلہ کرتے دیکھا ہے؟ غزہ کو نہ صرف کھنڈرات میں تبدیل کر کے جبری طور پر وہاں اپنی مرضی کا نیا سیاسی شہر بنانے کیلئے اسی خطے کے دیگر ممالک کو سرمایہ فراہم کرنے کا حکم دیا جائے اور اس کا مکمل کنٹرول اپنے ہاتھ میں رکھنے کا واضح اعلان کر کے بادی النظر میں ناجائز اور ظالم ملک اسرائیل کو تحفظ فراہم کرنے کے پلان کو عملی طور پر حقیقت بنایا جائے۔

یہ کہ آپ نے سوچا کہ یہ کیسے ممکن ہے، ایک لیڈر اس قدر اتفاقی طور پر شہریوں پر بمباری کر کے ہزاروں لوگوں کی ہلاکتوں کی نگرانی کر سکتا ہے، غیر ملکی رہنماؤں کو اغوا یا قتل کر سکتا ہے اور بغیر کسی پچھتاوے کے جھوٹ بول سکتا ہے، وہ خود کو اتنے معصوم کیسے محسوس کر سکتے ہیں کہ انہیں یقین ہو کہ وہ بیکس اور معصوم بچوں، عورتوں، بوڑھوں، اور جوانوں کے قتل سے بچ سکتے ہیں اور پھر بھی دوبارہ منتخب ہو سکتے ہیں۔

ایپسٹین فائلیں ایک خوفناک معقول جواب فراہم کرتی ہیں۔ وہ اس طرح کام نہیں کر رہے کیونکہ وہ مضبوط ہیں؟ وہ اس طرح کام کر رہے ہیں کیونکہ وہ سمجھوتہ کر رہے ہیں، ان کا ماضی ان کے خلاف ایک ہتھیار ہے کیونکہ وہ کرتے ہیں جو انہیں کہا جاتا ہے، وفاداری کی وجہ سے نہیں بلکہ وہ اپنے جرائم کے انکشاف کے خوف یا رازداری کی حفاظت

سمیع اللہ ملک

کی اشد ضرورت کے تحت ان جرائم کا ارتکاب جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اور ان جرائم کا راستہ ہمیں ٹرمپ تک بھی پہنچاتا ہے۔ ان کے فیصلہ سازی کی افراتفری کو دیکھیں، فوڈ اسٹامپ، میڈیکیڈ اور ہاؤسنگ سبسڈی میں کمی کرتے ہوئے اربوں ڈالرز کے فوجی ہارڈ ویئر اسرائیل کو بھیجے گئے۔ یرغمال کا اتھیار بنانا، غزہ میں جنگی جرائم میں غیر متزلزل شراکت، اور اب ایران کے ساتھ ایک نئی جنگ کی طرف بڑھنا جو تیسری جنگ عظیم شروع کرنے کا حقیقی امکان لئے ہوئے ہے۔

یہ سوال بجا ہے کہ بعض عالمی فیصلے عوامی مفاد سے متصادم کیوں محسوس ہوتے ہیں۔ جنگیں، پابندیاں، اور سیاسی اتحادیہ سب بسا اوقات ایسے نتائج پیدا کرتے ہیں جو اخلاقی طور پر تشویشناک ہوتے ہیں۔ مگر ان کی وجوہات کو صرف ایک خفیہ سازش تک محدود کر دینا ضرورت سے بڑھ کر سادہ کاری اور سہل ہوگا جبکہ حقیقت اس سے کہیں زیادہ پیچیدہ ہے۔

عالمی رہنما اس کو کسی منظم منصوبے کے تحت قابو کیا جاتا ہے، بظاہر ایک نہایت سنگین مفروضہ رہا ہے۔ جب کوئی عالمی رہنما ایسا فیصلہ کرتا ہے جو عوامی مفاد کے خلاف محسوس ہو تو دل میں ایک اضطراب جنم لیتا ہے۔ مگر کیا ہر متنازع فیصلہ کسی خفیہ دباؤ کا نتیجہ ہوتا ہے؟ یہاں ہمیں سیاسی پیچیدگی کو پوری سنجیدگی کے ساتھ دیکھنا ہوگا۔ تاریخی طور پر، داخلی سیاست، بین الاقوامی تعلقات اور دباؤ، معاشی مفادات، طاقت کے توازن، اور سفارتی اور دفاعی حکمت عملی کا سرکب رہے ہیں اور یہ سب عوامل مل کر فیصلوں کی تشکیل کرتے ہیں، نہ کہ صرف خفیہ دباؤ کا نتیجہ۔

ہم اس خیال کو کہ رہنما اپنے ماضی کے بوجھ تلے دب کر فیصلے کرتے ہیں، یا کسی راز کی وجہ سے مجبور ہو جاتے ہیں، ایک دلکش، پرکشش مگر خطرناک مفروضہ بھی قرار نہیں دے سکتے لیکن اگر ان فیصلوں کو بلیک میلنگ کا نتیجہ قرار دیں، تو اس سے جہاں اداروں کی اہمیت کم ہو جاتی ہے، جمہوری عمل نظر انداز ہونے کے خدشات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، وہاں انسانی قدروں کو بے قدری اور بے توقیری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یاد رکھیں کہ انسان کمزور ہو سکتا ہے، مگر ہر کمزوری غلامی پر مجبور نہیں کر سکتی۔ اگرچہ انسانی کمزوری ایک حقیقت ہے، مگر اداروں، آئینی ڈھانچوں، اور جمہوری عمل کو نظر انداز کر دینا ہمیں حقیقت سے دور لے جا سکتا ہے۔

ایک سنجیدہ مضمون نگار کیلئے اصل چیلنج یہی ہے کہ وہ نہ تو اندھا انکار کرے اور نہ ہی غیر مصدقہ دعووں کو سچ کا درجہ دے۔ یاد رہے کہ فصاحت کے ساتھ ساتھ استدلال بھی غالب رہتا ہے بلکہ وہ ایک ایس

شال بقیہ 1

عراق کی قیادت پر اعتماد کی مکاسی کرتا ہے جو ملک کے ایک اہم مرحلے پر سامنے آیا ہے۔ نامزد وزیراعظم سے گفتگو کے دوران صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اور عراق کے تعلقات مشترکہ اقدار اور باہمی احترام پر مبنی ہیں اور پاکستان اس برادرانہ تعلق کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے دوطرفہ اقتصادی تعاون کو وسعت دینے کے وسیع امکانات کا ذکر کیا جن میں تجارت و سرمایہ کاری، توانائی کے شعبے میں تعاون، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، زراعت اور قابل تجدید توانائی شامل ہیں۔ صدر مملکت نے دیرپا شراکت داری کے فروغ کے لیے تعلیمی تعاون اور عوامی روابط کو مزید مستحکم بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ نامزد عراقی وزیراعظم نے صدر مملکت آصف علی زرداری کا شکریہ ادا کیا اور انہیں باہمی طور پر مناسب وقت پر عراق کے دورے کی دعوت دی۔

شال بقیہ 2

کی انتھک محنت اور قربانیاں ملکی معیشت کے استحکام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان مزدوروں کے حقوق کے تحفظ، بہتر سہولیات اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور اس حوالے سے مزید مؤثر پالیسیوں پر بھی کام جاری ہے وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ یوم مزدور ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی کوششیں مزید تیز کریں گے انہوں نے مزدور طبقے کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایک مضبوط اور خوشحال بلوچستان کی تعمیر میں مزدوروں کا کردار ناقابل فراموش ہے۔

شال بقیہ 3

ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص اور معرکہ حق نے تاریخ کا رخ موڑ دیا ہے، مئی میں اس عظیم فتح کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے پاکستانی قوم کو عطا فرمائی۔ انہوں نے کہا کہ آج کی تقریب میں بچوں اور بچیوں کا جوش و جذبہ دیکھ کر خوشی ہوئی جو اپنے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے اور اپنی افواج پاکستان کی عظیم قربانیوں کو یاد کرنے اور آپریشن بنیان مرصوص کی فتح کا جشن منانے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان بچوں کا جذبہ، حوصلہ اور ہمت دیکھ کر یقین ہو گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح آپریشن بنیان مرصوص اور معرکہ حق میں ہمیں فتح عطا فرمائی، اسی طرح پاکستان کا مستقبل بھی محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان کو مملکت خداداد اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا انعام اور اس کی عظیم نعمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بزرگوں نے بے شمار قربانیوں کے بعد یہ ملک حاصل کیا اور برصغیر کے مسلمانوں کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جو خواب علامہ محمد اقبال نے دیکھا تھا، اسے قائداعظم محمد علی جناح نے عملی جامہ پہنایا اور آج ہم آزاد فضاں میں سانس لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دشمن کو ہر کچھ عرصے بعد ہماری یہ آزادی کھٹکتی ہے اسی لئے وہ مسلسل اس تاک میں رہتا ہے کہ پاکستان کے خلاف کس طرح سازش کی جائے اور اسے کیسے نقصان پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سال مئی میں جب پہلگام کا فالس فلیگ آپریشن کیا گیا تو پاکستان نے نہایت واضح اور دوٹوک موقف اختیار کیا اور پوری دنیا کو بتایا کہ ہم اس واقعہ کی تحقیقات کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان چاہتا ہے کہ اس معاملے کی آزادانہ اور منصفانہ انکوائری ہو تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کا مقابلہ کرنے والے ممالک میں جبکہ بھارت دہشت گردی کو فروغ دینے والے ممالک میں شامل ہے، پاکستان اور بھارت دو مختلف سمتوں پر کھڑے ہیں۔ پاکستانی قوم کا ہر طبقہ دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہوئے قربانیاں دے رہا ہے جبکہ بھارت دہشت گردوں کی سرپرستی کر رہا ہے اور دنیا آج اس حقیقت کو تسلیم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام فالس فلیگ آپریشن کی تحقیقات کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کا واضح وژن تھا، اللہ تعالیٰ نے قوم کو معرکہ حق میں شاندار فتح نصیب فرمائی۔ انہوں نے کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جس انداز میں جنگ حکمت عملی مرتب کی اس کے تحت پاکستان نے نہ صرف اپنا موثر دفاع کیا بلکہ بھارت کے متعدد جہاز بھی گرائے جو ملبے کا ڈھیر بن گئے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا نے دیکھا کہ جب فتح میزائل دشمن کی دفاعی تنصیبات پر گرا تو چند گھنٹوں کے اندر ہی دی سکرین پر بیٹھ کر بڑے بڑے دعوے کرنے والے بھارتی نمائندوں کے چہرے مرجھا گئے۔ چند گھنٹوں میں ہی بھارت گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوا اور کہا کہ ہم جنگ نہیں چاہتے، اگر جنگ نہیں چاہتے تھے تو حملہ کیوں کیا تھا؟ ان کے ٹی وی پر بیٹھے لوگ بوکھلاہٹ میں جھوٹ بولتے تھے کہ ہم نے لاہور اور ملتان کی بندرگاہیں تباہ کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی سازش بری طرح ناکام ہوئی، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو جنگی محاذ سمیت بری، بحری اور سفارتی محاذوں پر بھی فتح عطا فرمائی جس کو تا قیامت یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ایک جری اور بہادر قوم ہے، پوری قوم اپنی افواج کے پیچھے سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم نے اپنی فوج کے ہمراہ بنیان مرصوص بن کر دکھایا جس کی بدولت اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو فتح نصیب فرمائی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اس موقع پر علامہ اقبال کے چند اشعار بھی پڑھے۔ یہ غازی یہ تیرے پر اسرار بندے، جنہیں تو نے بخشا ہے ذوق خدائی، دو نیم ان کی ٹھوکر سے صحرا و دریا، سمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی، دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو، عجب چیز ہے لذت آشنائی، شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن، نہ مال غنیمت نہ کشور کشائی۔

شال بقیہ 4

کا کہنا تھا کہ میں نے 3 سے 5 کروڑ انسانوں کی جانیں بچائی ہیں۔ انہوں نے ایران کے حوالے سے مزید کہا کہ انکی معیشت تباہ ہوتی جا رہی ہے، ایران جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتا۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا کہ ایران کو فٹبال ورلڈ کپ میں شرکت کی اجازت دینی چاہیے۔

شال بقیہ 5

سامنے موجود محنت کشوں کے بیٹوں اور بیٹیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر کے مزدوروں نے اپنے کام کی زیادتیوں کے خلاف ہڑتالیں کیں۔ موجودہ 8 گھنٹے کے اوقات کار ان بہادر مزدوروں کی عظیم قربانیوں اور جدوجہد کا نتیجہ ہیں۔ لاہور جیسے بڑے شہر میں مزدوروں کی تعداد کم ہے۔ یوم مئی پر ہزاروں مزدوروں کو سڑکوں پر نکل کر اپنے حقوق کی آواز اٹھانی چاہیے تھی۔ یہ سیاسی قیادت کی کمزوری ہے کہ مزدوروں کو صحیح راستہ نہیں دکھایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ روسی مصنف میکسم گورکی کی زندگی کی جدوجہد ہمارے سامنے ہے۔ گورکی نے کبھی کسی باقاعدہ تعلیمی ادارے سے تعلیم حاصل نہیں کی بلکہ زندگی کے تجربات ان کی اصل یونیورسٹی تھے۔ ان کے بچپن کے حالات بہت مشکل تھے، جہاں ان کے نانا سخت مزاج جبکہ نانی ایک رحم دل اور شریف خاتون تھیں۔ گورکی کا شہرہ آفاق ناول ماں ہے آپ سب کو ضرور پڑھنا چاہیے خاص کر مزدور طبقے کو۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پی ٹی آئی کے کارکنوں کو خبردار کرنا چاہتا ہوں اور ہوشیار رہنے کی تدبیر دینا چاہتا ہوں۔ عمران خان کو جیل میں رکھ کر انہیں سیاست سے باہر (مائنس) کرنے کی پالیسیاں بنائی جا رہی ہیں۔ بات کرتے ہیں دنیا کی کوئی طاقت عمران خان کو سیاست سے مائنس نہیں کر سکتی عمران خان پاکستان کی عوام کے دلوں میں بستے ہیں۔ عوام کو باخبر اور ہوشیار رہنے کی تلقین کرتا ہوں تاکہ وہ ملکی حالات پر نظر رکھ سکیں۔

شال بقیہ 6

وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں مزدوروں کی فلاح، بہتر اجرت، محفوظ ماحول اور سماجی تحفظ کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں مزدور طبقے کا کردار ناقابل فراموش ہے اور صوبائی حکومت محنت کشوں کے مسائل کے حل، روزگار کے مواقع بڑھانے اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم محنت کش طبقے کے حقوق کے تحفظ، ان کے جائز مطالبات کی حمایت اور انہیں باعزت مقام دلانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے۔ آخر میں حاجی میر علی مدد جتک نے تمام محنت کشوں کو یوم مئی کی مناسبت سے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہی طبقہ ملک و قوم کی اصل طاقت ہے اور ان کی خوشحالی ہی پاکستان کی ترقی کی ضمانت ہے۔

شال بقیہ 7

کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ایسے عناصر جو امن و امان کی راہ میں رکاوٹ بننے کی کوشش کر رہا ہے اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو امن و امان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے سخت احکامات جاری کیے۔ اس کے علاوہ کھلی کچہری میں خاران کے جاری ترقیاتی منصوبوں، ڈویلپمنٹ اسکیموں اور BSDI کے فیز ٹو کے حوالے سے بھی لوگوں نے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔ شہر کی صفائی پر بھی گفتگو ہوئی اس موقع پر صوبائی وزیر نے اعلان کیا کہ خاران ٹاؤن کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دیا جائے گا جبکہ تحصیل مسکان قلات کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دیا جائے گا یہ اقدامات مستقبل میں خاران کی شہری ترقی، بہتر بلدیاتی نظام اور عوامی سہولیات کی فراہمی میں اہم سنگ میل ثابت ہوں گے۔

شال بقیہ 8

ہوئے کہا کہ محنت کش طبقے اور لیبر یونینوں سے احتجاج کا حق چھینا جا رہا ہے، جبکہ ظلم کے خلاف آواز اٹھانا ہر باشعور انسان کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں اور عدم تشدد کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، مگر حیرت کی بات یہ ہے کہ الیکشن لڑیں تو بھی عذاب اور نہ لڑیں تو بھی عذاب۔ انہوں نے بی ایس او کے سینئر نائب صدر بابل ملک اور تہاہان کی رہائشی خدیجہ پیر محمد کی گرفتاری اور جبری گمشدگی جیسے واقعات پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس جنگ میں بلوچ فرزند مارے جا رہے ہیں۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج سے تقریباً 140 سال قبل مزدوروں نے اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کا آغاز کیا تھا، جو آج بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے تحت مزدوروں کو تمام حقوق حاصل ہیں اور پاکستان نے بین الاقوامی مزدور قوانین کو بھی تسلیم کیا ہے، مگر عملاً مزدور آج بھی ظلم، استحصال اور محرومی کا شکار ہیں۔

شال بقیہ 9

جدید ہتھیاروں، مربوط منصوبہ بندی اور میدان جنگ میں فوری ردعمل کا عملی مظاہرہ کیا گیا، عسکری قیادت نے دشمن کو پاکستان کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری پر کوئی آنچ برداشت نہ کرنے کا واضح پیغام دیا۔ پاک فوج نے اپنی عسکری صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ کر کے بھارت کو کسی بھی مہم جوئی سے باز رہنے کی تنبیہ کی۔ عالمی ماہرین کے مطابق پاک فوج مربوط جنگی حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت سے بارہا بھارت کا جنگی جنون خاک میں ملا چکی ہے، مسلح افواج کی مضبوط دفاعی تیاریاں علاقائی استحکام اور طاقت کا توازن برقرار رکھنے کی پالیسی کی عکاس ہیں۔

شال بقیہ 10

کی خصوصی اجازت دے دی، پاکستانی بحری جہاز آبنائے ہرمز پار کرنے کے بعد خلیج عمان میں داخل ہو گیا۔ شپنگ ذرائع کے مطابق پی این ایس سی کا خیر پور نامی جہاز 8 کروڑ لیٹر ڈیزل لے کر پاکستان آ رہا ہے۔ ذرائع پی این ایس سی کے مطابق پاکستانی جہاز کویت کی پورٹ سے تیل لے کر نکلا تھا، خیر پور نامی جہاز دو سے تین روز میں کراچی بندرگاہ پہنچ جائے گا۔ اگر واقعی نے کہا کہ جہاز کی آمد سے ملک میں تیل کے ذخائر میں مزید اضافہ ہوگا۔

شال بقیہ 11

بیان میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ محنت کرنے والے ہاتھ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کی اصل طاقت ہیں، کارخانوں، کھیتوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں خدمات انجام دینے والے مزدور قابل احترام ہیں، حکومت مزدور طبقے کی فلاح اور بہتر مستقبل کیلئے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے اور اسلامی تعلیمات میں محنت اور رزق حلال کو عظیم مقام حاصل ہے، محنت کش طبقہ ہمیشہ قومی تعمیر و ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور مزدوروں کیلئے محفوظ ماحول کی فراہمی ان کے جائز حقوق کو یقینی بنانا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یوم مزدور ہمیں محنت کشوں کی قربانیوں اور خدمات کو یاد رکھنے کا پیغام دیتا ہے اور پاکستان کے روشن مستقبل میں مزدور طبقے کا کردار نہایت اہم اور باعث فخر ہے۔

شال بقیہ 12

ہیں جو دوہری ملازمت کر رہے ہیں، ان میں سات ڈاکٹرز مستقل اور 33 کنٹریکٹ ملازم ہیں جن کو پچھلے چار سے پانچ ماہ سے نوٹسز جاری کئے جا رہے ہیں مگر ان کی جانب سے جواب موصول نہیں ہو رہا ہے جس پر محکمہ صحت نے انہیں حتمی نوٹس جاری کر دیا ہے اگر ان ملازمین کی جانب سے جواب موصول نہ ہوا تو ان ڈاکٹروں کو محکمہ صحت کی ملازمت سے برطرف کر دیا جائے گا۔

شال بقیہ 13

خیال کیا۔ یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے مسلسل تعمیری اور سہولت کار کے کردار کو سراہا۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے اس موقع پر اسلام آباد میں یورپی یونین۔ پاکستان بزنس فورم کے حالیہ کامیاب انعقاد کو بھی سراہا۔ دونوں شخصیات نے شراکت داری کو مضبوط بنانے اور کاروبار کے لیے نئے مواقع کھولنے میں اس فورم کے کردار پر زور دیا۔

شال بقیہ 14

قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ کیٹھے جبکہ ارکان میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، سیکریٹری کابینہ اور کامرس سیکریٹری شامل ہیں۔ کمیٹی آئندہ ایک ہفتے میں پورے معاملے کا جائزہ لے کرے ایک جامع رپورٹ وزیر اعظم کو پیش کر یگی، اس دوران اس معاملے میں کوئی بھی متاثرہ شخص اپنی معروضات کمیٹی کو پیش کر سکے گا اور کمیٹی بلا کسی تفریق کے فریقین اور متاثرین کو سنے گی۔ وزیراعظم کے اس معاملے پر حتمی فیصلے تک اسلام آباد انتظامیہ اور ڈی اے کی طرف سے کسی بھی قسم کی کارروائی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 15

متعلق تعمیراتی میٹیریل اور آلات کی فراہمی کو فروغ حاصل ہوگا، فریقین پاکستان میں فیکٹریوں کے قیام کیلئے سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لیں گے۔ قبل ازیں پاک چین 75 سالہ دوستی پر مبنی دستاویزی فلم دکھائی گئی۔ تقریب میں الحسن ٹریڈ اسٹیبلشمنٹ، سینی انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ اور بیجنگ جیالونگ انٹرنیشنل ٹیکنالوجی میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے، سینیٹر سلیم مانڈوی والا، نائب صدر سینی گروپ اور چیئرمین نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ حیوانات کیلئے ویکسین اور منہ کھر ویکسین کی فراہمی کیلئے مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پایا، پاکستان میں جانوروں کیلئے ٹریک اینڈ ٹریس انٹیگریٹڈ سسٹمز کے نفاذ پر تعاون کی شق شامل ہے۔ معاہدے پر شرجیل انعام میمن اور چیئرمین لوئیانگ ماڈرن ٹیکنالوجی گروپ وانگ شانیو نے دستخط کئے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر ضیاالدین ہسپتال اور شینزن وی بانگ ٹیکنالوجی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے، مفاہمتی یادداشت کا مقصد کلینیکل میڈیسن میں ذہین روبوٹس کے جدید استعمال کو فروغ دینا ہے۔ مفاہمتی یادداشت پر ڈاکٹر انوپ کمار واوانی اور شینزن وی بانگ ٹیکنالوجی کے ڈپٹی جنرل منیجر نے دستخط کئے۔

شال بقیہ 16

پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دکان کو جزوی نقصان پہنچا تاہم واقعہ میں خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعہ کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ پہنچ کر شواہد اکٹھے کر لیے اور حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی گئی۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 17

درپیش حالات پر سنجیدہ، مدلل اور جامع غور و خوض کیا۔ اجلاس میں حکومت کی جانب سے مدارس دینیہ کے خلاف جاری حالیہ اقدامات، بالخصوص نوٹسز کے اجراء، بعض مدارس کی بلاجواز تالہ بندی، اور رجسٹریشن کے نام پر عائد کی جانے والی ناروا پابندیوں کو سخت ترین الفاظ میں مسترد کرتے ہوئے اسے دینی، آئینی اور جمہوری اقدار کے منافی قرار دیا گیا۔ شرکا نے واضح اور دوٹوک موقف اختیار کیا کہ مدارس دینیہ کے خلاف کسی بھی قسم کی دباؤ پر مبنی پالیسی، امتیازی سلوک یا انتظامی جبر کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس نے اس امر پر اتفاق کیا کہ دینی مدارس محض تعلیمی ادارے نہیں بلکہ اسلامی تہذیب، نظریاتی اساس اور قومی شناخت کے محافظ ہیں، لہذا ان کے خلاف کسی بھی اقدام کو پوری حکمت کے ساتھ روکا جائے گا۔

شال بقیہ 18

ہوئے کہا کہ محنت کش طبقے اور لیبر یونینوں سے احتجاج کا حق چھینا جا رہا ہے، جبکہ ظلم کے خلاف آواز اٹھانا ہر باشعور انسان کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں اور عدم تشدد کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، مگر حیرت کی بات یہ ہے کہ الیکشن لڑیں تو بھی عذاب اور نہ لڑیں تو بھی عذاب۔ انہوں نے بی ایس او کے سینئر نائب صدر بابل ملک اور تہاہان کی رہائشی خدیجہ پیر محمد کی گرفتاری اور جبری گمشدگی جیسے واقعات پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس جنگ میں بلوچ فرزند مارے جا رہے ہیں۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج سے تقریباً 140 سال قبل مزدوروں نے اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کا آغاز کیا تھا، جو آج بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے تحت مزدوروں کو تمام حقوق حاصل ہیں اور پاکستان نے بین الاقوامی مزدور قوانین کو بھی تسلیم کیا ہے، مگر عملاً مزدور آج بھی ظلم، استحصال اور محرومی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کم از کم تنخواہ 37 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے، مگر اس قلیل رقم سے ایک خاندان کا پورا مہینہ گزارنا ممکن نہیں، جبکہ نجی شعبے میں اس سے بھی کم اجرت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے حکومت کی معاشی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 1234 ارب روپے صرف تیل پر لیوی کی مد میں وصول کیے جا رہے ہیں، جبکہ ایران میں جنگ کے باوجود تیل کی قیمت کم کی گئی اور یہاں بڑھا دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز کو سالانہ 3000 ارب روپے دیے جا رہے ہیں، حالانکہ ان سے بجلی بھی پیدا نہیں ہو رہی۔

شال بقیہ 19

کے گروار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی امن کوششیں صرف خطے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے بہترین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت ساری کورین کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری کی خواہاں ہیں، وہ پاکستان کو محفوظ ترین اور پرکشش ملک سمجھتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کورین کمپنیوں کو بالخصوص مینوفیکچرنگ اور توانائی کے شعبوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ہے۔ اس موقع پر جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر امن کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے سیاسی مذاکرات کو تیز کرنے اور مقررہ مدت میں معاہدہ مکمل کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے زراعت، ٹیکسٹائل، معدنیات اور اسپورٹس گڈز کے شعبوں میں موجود مواقع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان وسطی ایشیا اور افریقہ کے لیے ایک اہم تجارتی گیٹ وے بن سکتا ہے۔ جام کمال خان نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کورین کمپنیوں کو درپیش مسائل کے حل کی یقین دہانی بھی کرائی۔ ملاقات میں مشترکہ تجارتی کمیٹی کے قیام اور اسے فعال بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ سیکرٹری تجارت جواد پال نے اس موقع پر متوازن ٹیرف پالیسی کی ضرورت پر زور دیا جبکہ دونوں ممالک نے باہمی اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 20

معاشرے کا پسا ہوا طبقہ ہے جس کی فلاح و بہبود کے منصوبوں اور زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے تمام مزدور ایک فورم پر متحد ہو کر اپنے حقوق کے حصول کو یقینی بنا سکتے ہیں جس طرح شکاگو کے مزدوروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر رہتی دنیا تک تاریخ رقم کی ہے جنہیں آج ہم خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اور ان کی قربانی کو سرخ سلام پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مزدور متحد ہو کر ہر مشکل کا سامنا کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارٹی اور بی ایس او (پجار) کے زیر اہتمام یوم مئی کے حوالے سے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اراکین قومی و صوبائی اسمبلی یحییٰ بلوچ، میر رحمت صالح بلوچ، کلثوم نیاز بلوچ نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ، عطاء محمد بنگلزئی، علی احمد لانگو، پیر محمد کاکڑ، نذر مینگل، عابد بٹ، عبدالستار، رحمت اللہ زہری، حنیف محمد حسنی، میڈم رشیدہ سالانی، یونس زہری، خلیل احمد، منظور راہی سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر شاہوں بزنجو، ڈاکٹر اسحاق بلوچ، چنگیز حئی بلوچ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ مقررین نے کہا کہ محنت کش طبقے کو امور کی انجام دہی بے پناہ چیلنجز کا سامنا رہتا ہے لیکن اتحاد کی صورت اس طبقے کے پاس بے پناہ طاقت بھی ہے ان میں اتحاد نہ ہونے کی وجہ سے سامراجی نظام اور قوتیں اور طبقہ انہیں اپنے مفادات کے لئے استعمال کر کے مسائل کی بھینٹ چڑھا دیتا ہے جس طرح مصنوعی ذہانت اور پیداوار کے ارتکاز جیسی ٹیکنالوجی کی ترقی میں محنت کش طبقے کو بین الاقوامی اتحاد کیلئے حالات پیدا کئے ہیں مقررین نے کہا کہ ہمارے ملک میں محنت کش طبقے دو دھاری تلوار کے شکنجے کے بوجھ تلے انتہائی کٹھن اور کسمپرسی کی زندگی بسر کر رہا ہے ایک جانب آئی ایم ایف اور دوسری جانب جنگ کے اثرات کے نتیجے میں مزدوروں اور عوام پر مہنگائی کا پہاڑ توڑا جا رہا ہے اور آئے روز محنت کش طبقے کے لئے مشکلات پیدا کی جا رہی ہے اور محنت کش طبقے کے ساتھ ساتھ ملازمین کو درپیش مشکلات کے حل اور زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے بھی کوئی سنجیدگی کے ساتھ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی نہیں بنایا جا رہا جس کی وجہ سے محنت کش طبقے اور ملازمین جدید دور کے تقاضوں کے مطابق سہولیات اور وسائل سے محروم ہے اور آئے روز حکمرانوں کی ظالمانہ پالیسیوں اور مسائل کا شکار رہتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ سیاسی جماعتوں کو متحد ہو کر محنت کش طبقے اور ملازمین کے مسائل کے حل اور حقوق کے حصول کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ محنت کش طبقے کو ان بحرانوں سے چھٹکارا دلایا جا سکے۔

شال بقیہ 21

پابند بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار سابق ڈائریکٹر بیورو آف کریکولم سعید احمد خان ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل شکیل الرحمن خلجی اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر صغیر احمد گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کچاک میں ٹریفک پولیس کوئٹہ کے تعاون سے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا سعید احمد خان نے کہا کہ ٹریفک قوانین کو نصاب کا حصہ بننا چاہئے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کر کے نہ صرف ہم اپنی بلکہ دوسروں کی زندگیوں کو بھی محفوظ بنا سکتے ہیں ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل شکیل الرحمن خلجی اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر صغیر احمد نے طلباء کو ٹریفک قوانین، سڑکوں پر احتیاطی تدابیر اور ذمہ دار شہری کے طور پر اپنے فرائض کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین کی پابندی نہ صرف انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ضروری ہے بلکہ ایک مہذب معاشرے کی پہچان بھی ہے۔ اس موقع پر طلباء نے بھرپور دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے مختلف سوالات بھی کیے اور عملی زندگی میں سڑکوں پر محفوظ رہنے کے اصول سیکھے۔ تقریب کے اختتام پر اسکول کے پرنسپل تنویر بھٹی نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس نوعیت کا پروگرام طلباء کی کردار سازی اور شعور بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اور مستقبل میں بھی ایسی سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا۔

شال بقیہ 22

پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں شہید ہوئے ہیں۔ یہ بلاتیں اس وقت ہوئیں جب دشمن کے ایک ڈرون نے ان افراد کو وہ گائیڈڈ میزائلوں سے اس وقت نشانہ بنایا جب وہ قصبے کے قبرستان کے قریب جمع تھے۔

شال بقیہ 23

سے آج بھی مزدور طبقہ مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے مسائل کا سامنا کر رہا ہے، خاص طور پر بلوچستان کے محنت کشوں کو درپیش مشکلات زیادہ سنگین ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت کو چاہیے کہ مزدوروں کی اجرتوں میں اضافہ، سوشل سیکیورٹی، صحت اور تعلیم جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے تاکہ وہ باعزت زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ہمیشہ مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کی علمبردار رہی ہے اور آئندہ بھی اس حوالے سے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم مزدور ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع دیتا ہے کہ ہم محنت کش طبقے کے حقوق کے لیے آواز بلند کریں گے اور ایک منصفانہ اور خوشحال معاشرے کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

شال بقیہ 24

کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ جمعہ کو عالمی یوم مزدور 2026 کے موقع پر جاری پیغام میں پروفاقی وزیر نے پاکستان کے محنت کش طبقے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی ورک فورس کی محنت، مہارت اور ثابت قدمی ملک کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ حکومت لیبر پروٹیکشن کے نظام کو مزید مضبوط بنانے اور قومی پالیسیوں کو بین الاقوامی معیارات، بالخصوص انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے اصولوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام اقدامات وقار، مساوات اور باہمی احترام کے اصولوں کے تحت کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایک منصفانہ، باوقار اور جامع ماحول کے قیام کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی تاکہ محنت کشوں کے وقار کو یقینی بنایا جا سکے اور ہر کارکن کی خدمات کو تسلیم کیا جا سکے۔

شال بقیہ 25

قربانیوں کے بغیر ترقی کا خواب ادھورا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم مزدور ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو محنت کش طبقے نے اپنے حقوق کے حصول کے لیے دیں۔ آج کا دن اس عزم کی تجدید کا دن ہے کہ مزدوروں کو ان کے جائز حقوق، بہتر اجرت، محفوظ ماحول اور سماجی تحفظ فراہم کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی قیادت میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ محکمہ لیبر ایجنڈ مین پاور کے ذریعے مختلف اصلاحات متعارف کروائی گئی ہیں جن میں لیبر قوانین پر عملدرآمد، ورکرز ویلفیئر فن

بے گھر افراد کی مالی معاونت بہت احسن اقدام ہے، محمد عبدالقادر

وزیراعظم کی جانب سے بے گھر افراد کو کم شرح سود پر آسان قرضوں کی فراہمی اہم اور بروقت فلاحی اقدام ہے

حکومت سخت نگرانی اور واضح معیار کے ذریعے اس پروگرام کو مؤثر بنائے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے بے گھر افراد کو کم شرح سود پر آسان قرضوں کی فراہمی کا اعلان ایک اہم اور بروقت فلاحی اقدام ہے۔ اس اسکیم کے تحت مستحق شہریوں کو 10 ملین روپے تک کے قرضے صرف 5 فیصد شرح سود پر فراہم کیے جائیں گے جبکہ عمومی طور پر بینکوں کی شرح سود اس سے کہیں زیادہ ہے۔ یہ فرق واضح طور پر حکومت کی اس کوشش کو ظاہر کرتا ہے کہ وہ کم آمدنی والے طبقے کو اپنی چھت مہیا کرنے میں عملی مدد فراہم کرے، پاکستان میں مہنگائی، بے روزگاری اور رہائش کے بڑھتے ہوئے مسائل نے متوسط اور نچلے طبقے کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے۔ وزیراعظم کی اپنا گھر اسکیم بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پاکستان ریلوے انقلابی یونین کوئٹہ ڈویژن کے زیر اہتمام یوم مزدور ڈے کے موقع پر صوبائی صدر کامریڈ مجید زہری جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

اوستہ محمد، مزدوروں نے اپنے حقوق کے حصول کیلئے عظیم قربانیاں دیں، مزدور تنظیمیں

مزدوروں کے بچوں کے لیے بہتر تعلیمی پالیسی بنائی جائے، مقررین سے خطاب

اوستہ محمد (این این آئی) یوم مزدور کے موقع پر ملک بھر کی طرح بلوچستان کے ضلع اوستہ محمد میں بھی مختلف مزدور تنظیموں کی جانب سے ریلیوں اور تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ مستری مزدور لیبر یونین، ایریگیشن یونین اور متحدہ لیبر فیڈریشن کے زیر اہتمام ہونے والی ان سرگرمیوں میں بڑی تعداد میں مزدوروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مزدور تنظیمیں ہر سال اس دن کو عقیدت اور احترام کے ساتھ مناتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دن کی اہمیت اس لیے بھی ہے

پشاور میں بچوں کے دل کے پیچیدہ آپریشنز کا مشن مکمل، 50 مفت سرجریز

ترکیہ اور برطانیہ کی ٹیم لطل ہارٹس کے تعاون سے کروڑوں روپے مالیت کے آپریشنز مفت کیے گئے

پشاور (این این آئی) لیڈی ریڈنگ اسپتال (ایل آر ایچ) میں بچوں کے دل کے پیچیدہ آپریشنز کا خصوصی مشن کامیابی سے مکمل کر لیا گیا۔ ترجمان محمد عاصم کے مطابق ترکی اور برطانیہ کی ٹیم لطل ہارٹس نے ایل آر ایچ کی پیڈیاٹرک کارڈیالوجی ٹیم کے ساتھ مل کر 50 سے زائد پیچیدہ سرجریز کو انجام دیا۔ اس مشن میں ڈاکٹر سعدیہ الیاس اور ان کی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا اور ایسے پیچیدہ آپریشنز بھی کیے گئے جو اسپتال میں پہلی بار انجام دیے گئے۔

کوئٹہ نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام مالی یوم مزدور کے موقع پر جلسہ سے مرکزی سیکرٹری جنرل کبیر احمد محمد شہی خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، اوستہ محمد، نامعلوم مسلح افراد دو موٹر سائیکل، نقدی، موبائل فون چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد ڈکیتی کی دو وارداتیں دو گن پوائنٹ پر دو موٹر سائیکل پچاس ہزار روپے نقدی اور دو قیمتی موبائل فون چھین لیے گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

بنوں اور شمالی وزیرستان میں پولیو کے دو نئے کیسز کی تصدیق، مجموعی تعداد 3 ہوگئی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے اضلاع بنوں اور شمالی وزیرستان سے پولیو کے دو نئے کیسز کی تصدیق ہوئی ہے جس کے بعد رواں سال پولیو کیسز کی مجموعی تعداد 3 ہوگئی۔ نیشنل ای او سی کے مطابق پولیو کے خاتمے کے لئے ٹارگٹڈ اقدامات اور مؤثر حکمتِ عملی پر عمل جاری، پولیو لاعلاج مرض ہے مگر بروقت ویکسی نیشن کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔

ڈاکٹر عبدالصمد ولد عبدالرحیم، میڈیکل آفیسر کا استعفیٰ منظور

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ صحت حکومت بلوچستان کی منظوری سے ڈاکٹر عبدالصمد ولد عبدالرحیم، میڈیکل آفیسر (B-17) سٹیمن پراونشل ہسپتال کا استعفیٰ ان کی اپنی درخواست پر 11 اکتوبر 2025 سے منظور کر لیا ہے۔ ڈاکٹر عبدالصمد ولد عبدالرحیم، میڈیکل آفیسر (B-17) سٹیمن پراونشل ہسپتال کا استعفیٰ ان کی اپنی درخواست پر 11 اکتوبر 2025 سے منظور کر لیا ہے۔

بلوچستان میں عوامی نمائندگی نیلام ہوئی ہے، نوابزادہ لشکری رئیسانی

اسمبلی کی عمارت کو گرا کر دوبارہ تعمیر کرنے کے حکومتی اقدام کو عدالت میں چیلنج کیا ہے، سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر

یہ بحث نہیں کہ میں الیکشن ہار گیا یا ہرایا گیا پارلیمنٹ میں ہوں یا نہیں لیکن یہ طے ہے کہ اس سرزمین کی ذمہ داریوں سے بری الزمہ نہیں

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ یہ بحث نہیں کہ الیکشن ہار گیا یا ہرایا گیا، پارلیمنٹ میں ہوں یا نہیں لیکن یہ طے ہے کہ اس سرزمین کی قومی ذمہ داریوں سے بری الزمہ نہیں، اسمبلی کی عمارت کو گرا کر دوبارہ تعمیر کرنے کے حکومتی اقدام کو عدالت میں چیلنج کیا ہے، قومی حقوق کا سودا، آئین کی پامالی، وسائل کی لوٹ مار، جبر و ناانصافیوں کیخلاف سیاسی اور آئینی مزاحمت کرتا رہونگا، بات انہوں نے گزشتہ روز سرداوان ہاس میں سوشل میڈیا ایکسٹنشن سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ یہ بحث نہیں کہ میں الیکشن ہار گیا یا ہرایا گیا پارلیمنٹ میں ہوں یا نہیں لیکن یہ طے ہے کہ اس سرزمین کی ذمہ داریوں بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

مانسہرہ، آئل ٹینکر کھائی میں گرنے سے آتشزدگی، سوار 2 افراد جاں بحق، 1 زخمی

مانسہرہ (این این آئی) مانسہرہ کے علاقے ڈم گلہ کے مقام پر آئل ٹینکر کھائی میں گرنے کے باعث آگ بھڑک اٹھی جس سے سوار 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہو گیا۔ اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا تاہم آئل ٹینکر میں سوار تین افراد میں سے دو افراد طاہر اللہ اور (نامعلوم شخص) جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک شخص (گل محمد) زخمی حالت میں پایا گیا۔ جاں بحق افراد کے جسد خاکی اور زخمی شخص کو فوری طور پر بالاکوٹ ہسپتال منتقل کیا۔

تعلیمی اداروں میں سستی، کاہلی و غفلت کا مظاہرہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، خالد شمس

برشور (آن لائن) ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ برشور کے تمام ہائی اسکولوں کے ہیڈ ماسٹرز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیض اللہ خان کاکڑ کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر کے تعلیمی اداروں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر محکمہ تعلیم کے دیگر آفسران بھی موجود تھے اجلاس میں کلسٹر بجٹ اور ڈی، ڈی، او کوڈز زیر بحث آئے، اس بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ہنگو، تین روز قبل لاپتہ کمسن بچے کی تشدد زدہ نعش قریبی کھیتوں سے برآمد

کوہاٹ (این این آئی) ہنگو میں تین روز قبل لاپتہ ہونے والے کمسن بچے کی تشدد زدہ لاش قریبی کھیتوں سے برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تل کے شہری علاقے محلہ فقیر شاہ بازوکوٹ سے تعلق رکھنے والا تقریباً دس سالہ بچہ محمد شاہ ولد محمد عامر تین روز قبل اچانک لاپتہ ہو گیا تھا۔ اہل خانہ نے اسے تلاش کرنے کی بھرپور کوشش کی اور فوری طور پر پولیس کو بھی گمشدگی کی اطلاع دے دی تھی۔ گزشتہ روز عصر کے وقت مقامی افراد نے قریبی کھیتوں میں ایک لاش دیکھی اور فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی۔

محنت کش کسی بھی معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں، سردار رفیق شیر بلوچ

یکم مئی کا دن دنیا بھر کے محنت کشوں کی جدوجہد، قربانیوں اور حقوق کی یاد دلاتا ہے

مزدوروں کے لیے محفوظ ماحول، روزگار کے بہتر مواقع اور انصاف پر مبنی نظام کو یقینی بنایا جائے

نوکنڈی (آن لائن) سردار رفیق شیر بلوچ ممبر ورکنگ کمیٹی نیشنل پارٹی و سیکرٹری رخشانی ڈویژن یکم مئی کا دن دنیا بھر کے محنت کشوں کی جدوجہد، قربانیوں اور حقوق کی یاد دلاتا ہے۔ یہ دن ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم مزدور طبقے کے حقوق کے تحفظ، ان کی فلاح و بہبود اور سماجی انصاف کے قیام کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ محنت کش کسی بھی معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں، لیکن افسوس کہ آج بھی ہمارے مزدور اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔

لاہور صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نشتر ہسپتال میں پیٹ سکین سنٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

پاکستان جاپان بزنس فورم کے 20 رکنی بورڈ آف ڈائریکٹرز کا انتخاب

مرتضیٰ مانڈوی والا آئندہ تین سال کیلئے چیئرمین منتخب: دونوں ممالک سے دس دس ڈائریکٹرز منتخب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان جاپان بزنس فورم کے تین سالہ انتخابات میں 20 رکنی بورڈ آف ڈائریکٹرز منتخب، مرتضیٰ یوسف مانڈوی والا چیئرمین منتخب ہو گئے۔ پاکستان جاپان بزنس فورم کے نئے عہدیدار تین سال 2029-2026 تک اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ دو طرفہ برابری کے عزم کو برقرار رکھتے ہوئے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں دس پاکستانی اور بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

مزدور کسی بھی معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں، میڈم فریدہ ترین

ان کی محنت کے بغیر ترقی کا عمل ممکن نہیں اس موقع پر محنت کش طبقے کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا

صبحت پور (آن لائن) یوم مزدور کے عالمی دن کے موقع پر ڈپٹی کمشنر صبحت پور میڈم فریدہ ترین کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ کی زیر قیادت ایک باوقار، منظم اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں مختلف مزدور یونینز کے نمائندگان، سرکاری افسران، سماجی شخصیات اور محنت کش طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

کراچی وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کر رہی ہیں

حکومت مزدور طبقے اور بے روزگار نوجوان طبقے کو باعزت روزگار فراہم کرے

مزدور طبقہ معاشرے کی ترقی و معاشی خوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

تعلیم کے دروازے ہر غریب و مزدور کے بچوں کے مفت کرے، میر سکندر علی خان عمرانی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سابق صوبائی وزیر ممتاز سیاسی و قبائلی شخصیت میر سکندر علی خان عمرانی نے کہا ہے کہ مزدور طبقہ ہمارے معاشرے کی ترقی و معاشی خوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے دنیا بھر میں مزدور طبقہ سخت مشکلات سے دوچار ہے وہ مزدور طبقہ جن کی شب و روز محنت انتھک جدوجہد سے ملک کا پہیہ چلتا ہے وہی مزدور آج پوری دنیا میں سب سے زیادہ استحصال و مصائب کا شکار ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ مزدور طبقات کی فلاح و بہبود کی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

دنیا کی ہر بڑی ترقی، مضبوط معیشت کے پیچھے محنت کش طبقے کی محنت شامل ہے، عبدالواحد سومرو

بدقسمتی سے آج بھی مزدور طبقہ اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہے، تقریب سے خطاب

اوتھل (این این آئی) لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے زیر اہتمام یکم مئی، یوم مزدور کے موقع پر ایک بھرپور مشترکہ ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف ایسوسی ایشنز اور فیڈریشنز کے عہدیداران و کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کا آغاز ڈی سی آفس لسبیلہ سے کیا گیا، جو مین آر سی ڈی شاہراہ سے ہوتی ہوئی نیشنل بینک اوتھل کے سامنے پہنچی، جہاں یہ ایک بڑے جلسے کی صورت اختیار کر گئی۔ جلسے کا باقاعدہ آغاز بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے بالائی اور وسطی اضلاع میں 2 مئی کی رات سے 4 مئی تک آندھی بارش کا امکان

محکمہ موسمیات کے مطابق اس وقت بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں برائے نام خشکی ہوائیں غالب ہیں

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے بالائی اور وسطی اضلاع میں 2 مئی کی رات سے 4 مئی تک آندھی، گرد آلود ہواؤں، گرج چمک اور بارش جبکہ صوبے کے بیشتر میدانی علاقوں میں شدید گرمی کی لہر کے ساتھ ساتھ درجہ حرارت معمول سے 2 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کی پیش گوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا نیا سلسلہ 2 مئی کی شام ملک کے شمال مغربی علاقوں میں داخل ہوگا جو 5 مئی کی صبح تک بالائی علاقوں پر اثر انداز رہے گا۔

جمعیت نے ہر دور میں دینی مدارس کے تحفظ، بقا اور استحکام کے لیے عملی کردار ادا کیا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

ہر قسم کے ناسازگار حالات میں اہل مدارس کی آواز بن کر میدانِ عمل میں موجود رہی ہے، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ محسن، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد نورزئی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولوی نجیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں مدارس کے منتظمین کا عظیم الشان اور کامیاب اجلاس اہل مدارس بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

یوم مزدور کے موقع پر ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ ہم کسی صورت اداروں کی نجکاری نہیں ہونے دیں گے

آرباب اختیار کو بلوچستان کی بند ٹرینوں کے فوری بحالی کا فیصلہ کرنا چاہیے۔ نسیم مگسی

سی (آن لائن) پیپلز ریلوے ورکرز کوئٹہ ڈویژن اور ریلوے ورکرز یونین تارانشان کے زیر اہتمام عالمی یوم مزدور کا جلسہ زیر صدارت شیر محمد بلوچ منعقد کیا گیا مہمان خصوصی نسیم مگسی تھے۔ جبکہ نظامت کے فرائض عرفان جون نے سرانجام دیے۔ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے نسیم مگسی۔ شیر محمد بلوچ۔ کامریڈ خدا بخش لانگو۔ حاجی سلیم سرپرہ۔ عمیر گل آفریدی۔ سید محمد بگٹی میر مہر اللہ خان لغاری اور نصیر احمد راجپوت نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ بلوچستان بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

آج کی یہ ترقی یافتہ دور میں مزدور دو وقت کی روٹی کیلئے ترس رہے ہیں، عوامی نیشنل پارٹی

مزدور کی اجرت کو بڑھا کر ہی انصاف کے تقاضے پورے کئے جاسکیں گے

ہرنائی (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماں نے کہا ہے کہ آج کی یہ ترقی یافتہ دور میں مزدور دو وقت کی روٹی کیلئے ترس رہے ہیں مزدور کی اجرت کو بڑھا کر ہی انصاف کے تقاضے پورے کئے جاسکیں گے یوم مئی لازوال قربانی اور جدوجہد کا مظہر ہے پشتونوں کو درپیش چیلنجوں سے نبرد آزما ہونے کیلئے قومی سوچ و فکر کو اپنانا ہوگا جس کی بنیاد ہمیں فخر افغان باچا خان فراہم کر چکے مسلط کردہ انتہا پسندی دہشت گردی وسائل پر اختیار سے دستبردار کرانے کیلئے ہے۔

مزدور کسی بھی معیشت کی بنیاد ہوتے ہیں، بلوچستان عوامی پارٹی

انہی کی محنت سے ترقی اور خوشحالی ممکن ہوتی ہے، ریلی سے مٹھا خان کاکڑ، ملک خدا بخش لانگو اور دیگر کا خطاب

یکم مئی ہمیں ان قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو مزدوروں نے اپنے حقوق کے حصول کے لیے دیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مٹھا خان کاکڑ، مرکزی آرگنائزنگ سیکرٹری ملک خدا بخش لانگو کی قیادت میں جمعہ کو بی اے پی کے مرکزی سیکرٹریٹ چمن ہاؤسنگ اسکیم سے یوم مئی کی مناسبت سے ایک ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر شکاگو کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے نعرے درج تھے ریلی میں بی اے پی کے مرکزی، صوبائی اور ضلعی عہدیداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی واپس پارٹی کے مرکزی سیکرٹری پہنچی جہاں ریلی کے شرکاء سے مٹھا خان کاکڑ، ملک خدا بخش لانگو محب اللہ ترین، روز جان، عصمت اللہ ترین، بیگی جوگیزئی، اللہ داد دشتی، صوبائی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ارباب شائستہ کاسی، کامران بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

یوم مزدور صرف نعرہ، محنت کش آج بھی بنیادی حقوق سے محروم ہیں، کاشف حیدری

ہم مزدوروں کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ یکم مئی محنت کشوں، مزدوروں اور دیہاڑی دار طبقے کی جدوجہد، قربانیوں اور حقوق کے اعتراف کا دن ہے، مگر بدقسمتی سے آج بھی پاکستان میں مزدور طبقہ شدید مسائل، مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی کمی کا شکار ہے۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے مزدوروں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

یوم مزدور یکم مئی قلات میں بھی جوش و خروش سے منائی گئی

موجودہ حکومت تاریخ کا بدترین حکومت ہے جو کہ ملازمین کے آواز سننے سے قاصر ہے

قلات (آن لائن) یوم مزدور یکم مئی قلات میں بھی جوش و خروش سے منائی گئی، مشترکہ ملازمین اتحاد قلات و ضلعی ایکشن کمیٹی سمیت سیاسی پارٹیوں کی جانب سے مشترکہ تقریب و ریلی کا انعقاد، شہداء شکاگو کو خراج تحسین پیش، تفصیلات کے مطابق قلات میں بھی ملازمین تنظیموں کی جانب سے یکم مئی یوم مزدور کے حوالے سے میونسپل کمیٹی قلات سے ایک شاندار ریلی نکالی گئی جو کہ بازار کے مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی واپس میونسپل کمیٹی میں اختتام پزیر ہوئی۔

گرمی میں اضافے کے باعث بڑھتی مانگ کے سبب ریڑھی بان گاہکوں کیلئے ٹھنڈا مشروب تیار کر رہا ہے

ڈیرہ بگٹی ٹریفک حادثے میں ایک شخص ہلاک دو زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی ٹریفک حادثے میں ایک شخص ہلاک دو زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق پولیس تھانہ سوئی کی حدود ٹاؤن سوئی رنگ روڈ پر دو تیز رفتار موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں محمد بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

لورالائی پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کر کے چرس اور بھنگ برآمد کر لی

لورالائی (این این آئی) لورالائی پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کر کے چرس اور بھنگ برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو ایس ایچ او پولیس تھانہ طورہ محمد عارف باتوزئی کی سربراہی میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک شخص دادان ولد گل باران کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے 17 کلو گرام چرس اور 132 کلو بھنگ برآمد کر لی۔ پولیس نے ملزم کے خلاف بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ملک بھر کی طرح سرحدی شہر چمن میں بھی یوم مزدور نہایت جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

چمن (آن لائن) ملک بھر کی طرح سرحدی شہر چمن میں بھی یوم مزدور نہایت جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس موقع پر چمن میونسپل کارپوریشن سے ایک ریلی نکالی گئی جس میں مزدوروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر امتیاز علی بلوچ اور چمن میئر حاجی حبیب اللہ اچکزئی نے کی۔ شرکاء نے مزدوروں کے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

یوم مزدور یکم مئی قلات میں بھی جوش و خروش سے منائی گئی

موجودہ حکومت تاریخ کا بدترین حکومت ہے جو کہ ملازمین کے آواز سننے سے قاصر ہے

پارٹی اصولوں، نظم و ضبط اور ڈسپلن کی پابندی ہر قسم کے حالات میں لازمی ہے، خوشحال خان کاکڑ

صرف مضبوط تنظیم ہی عوام کے مسائل کے حل اور قومی مقاصد کے حصول میں مؤثر کردار ادا کر سکتی ہے، چیئرمین پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

پارٹی اداروں کے اجلاسوں کا بروقت انعقاد اور ان اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر فوری اور مؤثر عمل درآمد ہی مثبت نتائج کا ضامن ہو سکتا ہے

پشین (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پارٹی اداروں کے اجلاسوں کا بروقت انعقاد اور ان اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر فوری اور مؤثر عمل درآمد ہی مثبت نتائج کا ضامن ہو سکتا ہے۔ تنظیمی استحکام، سیاسی فعالیت اور عوامی رابطوں کو مضبوط بنانے کے لیے ضروری ہے کہ پارٹی تنظیم کے تمام شعبوں پر بھرپور توجہ دی جائے اور انفرادی و اجتماعی ذمہ داریوں کو بروقت اور احسن انداز میں ادا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی اصولوں، نظم و ضبط اور ڈسپلن کی پابندی ہر قسم کے حالات میں لازمی ہے، کیونکہ منظم جماعتیں ہی قومی جدوجہد میں کامیابی حاصل کرتی ہیں۔ وہ ضلع پشین کی ضلعی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں گزشتہ تنظیمی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

لورالائی لیبر ڈے کی مناسبت سے پاکستان یونائیٹڈ ورکر فیڈریشن کے جلسے سے ملک امیر زادہ علیزئی اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

اگر کسی کے پاس کرپشن کے ٹھوس شواہد ہیں تو پیش کیے جائیں، محمد سہیل آفریدی

شہریوں کو آمد و رفت کی ایک بہترین سہولت میسر ہوگی، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے پشاور رنگ روڈ کے ناردرن سیکشن (مسنگ لنک) ورسک روڈ تا ناصر باغ روڈ کے پیکیج ون کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ فیز ون کے پیکیج ون کے تحت 2.1 کلومیٹر طویل دورویہ اور تین لائن پر مشتمل مسنگ لنک کو 2 ارب روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے جبکہ دیگر پیکیجز پر بھی کام تیزی سے جاری ہے۔ رنگ روڈ ناردرن سیکشن کے فیز ون کی مجموعی لاگت 9.6 ارب روپے ہے۔ بتایا گیا کہ مسنگ لنک کے فیز ٹو اور فیز تھری کے ٹینڈرز بھی جاری کیے جا چکے ہیں۔

عوامی شکایات پر ضلعی انتظامیہ نے منی پٹرول پمپس کے خلاف بھرپور کارروائی کا آغاز کر دیا

لورالائی (آن لائن) عوامی شکایات پر ضلعی انتظامیہ نے منی پٹرول پمپس کے خلاف بھرپور کارروائی کا آغاز کر دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم نے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی ہدایت پر مختلف علاقوں میں قائم منی پٹرول پمپس پر اچانک چھاپے مارے۔ کارروائی کے دوران پٹرول کی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

شہرام ترکئی نے ڈاگئی میں جنید خان کرکٹ اکیڈمی میں نصب سولر سسٹم کا افتتاح کر دیا

صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے کھیلوں کا فروغ ناگزیر ہے، وزیر تعلیم خیبر پختونخوا

صوابی (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما، سابق صوبائی وزیر تعلیم و صحت ممبر قومی اسمبلی شہرام خان ترکئی نے موضع ڈاگئی میں سابق پاکستانی فاسٹ بالر جنید خان کے نام سے قائم جنید خان کرکٹ اکیڈمی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فلڈ لائٹس کے لیے نصب کردہ سولر سسٹم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب میں کھلاڑیوں، مقامی عمائدین، سپورٹس شخصیات اور شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہرام خان ترکئی نے نوجوان کھلاڑیوں میں کرکٹ کٹس بھی تقسیم کیں۔

نوشہرہ، یوم مزدور انتہائی عقیدت و جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کی امان گڑھ میں جی ٹی روڈ سے شوبرا چوک تک ریلی

نوشہرہ (این این آئی) یوم مزدور ملک بھر کے دیگر حصوں کی طرح نوشہرہ میں بھی یکم مئی کو یوم مزدور انتہائی عقیدت و جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کا امان گڑھ میں جی ٹی روڈ سے شوبرا چوک تک ریلی، ریلی کی قیادت پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے صوبائی صدر محمد اقبال، اجمل خان، فیروز سنز لیبر یونین کے صدر خان باچا اور پاکستان ٹوبیکو کمپنی لیبر کے سیکرٹری جنرل فہیم خان شیخ علی مزلیبر یونین کے صدر امداد حسین پراچہ، عابد اکوڑی سمیت دیگر مزدور رہنما کر رہے تھے ریلی کے شرکا مزدوروں نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جس پر شکاگو کے مزدوروں کو خراج عقیدت کے نعرے اور ان کے مطالبات درج تھے۔

یوم مزدور ہمیں محنت کش اور جفاکش افراد کی وہ عظیم قربانیاں یاد دلاتی ہیں، ڈی سی چمن

مزدور ہماری پائیدار معاشی اور صنعتی ترقی کیلئے کردار ادا کرتے ہیں

چمن (آن لائن) ڈی سی چمن حبیب احمد ہنگوئی یکم مئی یوم مزدور کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا کہ یوم مزدور ہمیں محنت کش اور جفاکش افراد کی وہ عظیم قربانیاں یاد دلاتی ہیں جنہوں نے اقوام عالم کی تعمیر اور آبادکاری کو پروان چڑھایا گیا ہے اور انسانیت کیلئے عظیم خدمات سرانجام دے رہے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ یوم مزدور ہمیں محنت کش طبقے کی قربانیوں اور محنت و مشقت کو قدر عزت اور احترام کے ساتھ پیش آنے کی یاد دلاتی ہیں اور کہا کہ زوال سے عروج کی طرف گامزن کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مزدوروں کی محنت اور قربانیوں بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

لورالائی پولیس کی کارروائی بھاری مقدار میں منشیات برآمد

لورالائی (آن لائن) پولیس تھانہ طورہ نے منشیات کے خلاف ایک بڑی اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لیں۔ کارروائی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

آج صوبے کے تمام سرکاری ہسپتال 100 فیصد فعال ہیں، بخت کاکڑ

سرفراز بگٹی کی قیادت میں محکمہ صحت میں انقلابی اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہو گئے

ہیلتھ کارڈ کے ذریعے صوبے کے 3 لاکھ 45 ہزار سے زائد مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے، وزیر صحت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ